|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۲۰ | بیرنج | اترج | سہ رنگی | | مشہور ہے | پوست گرم ۱ خشک ۲ تخم سرد تر ۲ تخم گرم خشک ۲ | اور دسر اور گرم مزاج انگبیر | بنفشہ و شربت نارنج ولیمون | آب | ۰ | لطافت بخشتا ہے اور دل کو قوت دیتا ہے اور قابض ہے اور قے صفراوی اور جوش صفرا کو تسکین دیتا ہے اور خفقان اور تشنگی اور صفراوی دستوں کو کھوتا ہے اور بھوک لاتا ہے اور روح کو صاف کرتا ہے اور صفراوی ابخرون کو نہیں بڑھنے دیتا اور اسکے بیج بچھو کے کاٹے کو مفید ہیں اور مربی اسکا نہایت لذیذ ہوتا ہے اور تمام افعال میں قوی ہے اور رب بھی عمدہ ہوتا ہے |
| ۱۲۸ | بنفشہ | بنفسج | بنفشہ و ژنفیر | | ایک گھاس ہے جسکے پتے پھول مستعمل ہیں | سرد و تر ۱ یا بقول بعض گرم خشک ۲ | یابس قلب و سرد لاتا ہے | لیسوس و گلقند خیاری | سیلوفر | ۲ ماشہ | بالخاصہ مادہ صفراوی کو براہ دست نکالتا ہے بآسانی اور پیاس اور خون کی حدت اور سینہ و حلق کے کھرکھرانے کو تسکین دیتا ہے اور ورم کو تحلیل کرتا ہے اور سوزش مثانہ کو دور کرتا ہے اور کھانسی کو نافع ہے اور نیند لاتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۲۹ | عنب | | سفید سرخ سیاہ | | ایک درخت کا پھل ہے جو کہ تین قسم کا ہوتا ہے | گرم و خشک | | کتیرا و تخم خربزہ و کدو | مادام | ۲ تا ۹ ماشہ | اور سینہ کو صاف کرتا ہے اور سدہ کھولتا ہے اور درد و تکلیف تسکین دیتا ہے اور حواس و جگر و طحال کو قوت دیتا ہے اور فرحت لاتا ہے اور سیاہ لاتا ہے اور حرکت دیتا ہے اور اخلاط کو صاف کرتا ہے اور مثانہ کو لاتا ہے اور مادہ کو تحلیل کرتا ہے اور نفخ کو اور نفخ کو اور دقیق و استخاء البقر یا کو نافع ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۳۰ | پینہ انار | | | | دونوں کے اندر مغز بیج ہے مشہور | گرم و تر ۲ | گردہ | بنفشہ و خمیرہ قند سفید | گرمی قرطم | ۰ ماشہ | باہ کو لاتا ہے اور امساک کرتا ہے اور مادہ کو تحلیل کرتا ہے اور پیٹ و سینہ کو نرم کرتا ہے اور گرمی کی کھانسی کو دفع کرتا ہے اور خناق رحم کو مفید ہے اور قئی کو گاڑھا کرتا ہے اور دودھ کو گھی پیدا کرتا ہے اور اسکی گری پینا باہ کو حرکت دیتا ہے اور اسکا روغن ذکر پر ملنا استادگی خوب لاتا ہے اور اسکا روغن ملنا جہائیں اور سیاہ داغ اور چیچنے لگنے اور زخموں کو دور کرتا ہے۔ اور اگر اسکے پتے دوغ میں جوش کرکے آنکھ کے اوپر باندھیں تو آنکھ کو مفید ہے۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | نام | عربی | فارسی | رنگ | مزہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | مقدار شربت | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۳۱ | بنیالہ | . | . | بھورا قدرے سرخ | چاشنی دار و ترش | ایک پھل ہوتا ہے زیادہ تر مکانون مین ہوتا ہے برابر اور گول آلو کے | سرد تر ۲ | بخار لاتا ہے اور بلغمی مزاج کو مضر ہے | شہد و نمک | . | . | صفرا کو تسکین دیتا ہے اور صفراوی مزاج والون کو مفید ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۳۲ | بوٹی سبز فرید | . | . | سبز | پھیکا | ایک گھاس ہے مشہور | سرد و تر بقدے گرم | دیر ہضم | . | . | . | بلغمی بخار اور پیٹ کے درد کو نافع ہے اور ہڈی ٹوٹ جانے کو جوڑتی ہے اور باہ کو حرکت دیتی ہے (غیر سمی) |
| ۱۳۳ | بودار چمڑا | چرم بودار | بلغار | سیاہ | کھایا نہین جاتا | ایک قسم کا چمڑا مشہور ہے | سرد و خشک | باہ | ریسم سوختہ | . | . | جلا ہوا زخمون کو بھر لاتا ہے اور اسکے برتن مین پانی پینا خفقان کو بالخاصہ مفید ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۳۴ | بول | . | مرکی | سرخ | پھیکا و تلخ | ایک درخت کا گوند ہے کہ جسکی لکڑی کے نیزے بناتے ہین | گرم ۳ خشک ۲ | گرم مزاج والون کو اور شانہ کو | شہد | صبر قسط تلخ | ۱ ماشہ | جلاتا ہے اور مادہ کو خشک کرتا ہے اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور سردی کے ورم کو بھی تحلیل کرتا ہے اور قابض ہے اور دماغ کو پاک کرتا ہے اگر اسکی ناس لیجاے اور پیشاب لاتا ہے اور دست بھی لاتا ہے اور آنتون مین پھسلن پیدا کرتا ہے اور پیٹ کے کیڑے نکالتا ہے اور درد گردہ اور درد مفاصل پینے جوڑ بند کو اور دماغ اور دل اور رگ ہانسی اور پھیپھڑے ریحی و بلغمی کو نافع ہے اور دستون کو اور سر درد ہر کو مفید ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۳۵ | بونٹ | نخود سبز | سبز مخضر | سبز | پھیکا خوش مزہ | مشہور ہے کہ کچے چنے ہرے ہین | سرد خشک | نفاخ | نمک | . | . | خون اور بلغم اور صفرا بڑھاتا ہے اور بدن و باہ کو قوت بخشتا ہے اور ممسک ہے اور بقول صاحب عجائب المخلوقات کے بونٹ کھانا بوے دہن کو نیک کرتا ہے یعنے گندہ دہنی کو کھوتا ہے اور بونٹ کا پلاؤ عمدہ پکتا ہے اور بونٹ شہد مین پکے ہوے مقوی باہ و مقوی بدن ہین۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | ہندی | عربی | انگریزی | بقاع | ماہیت | طبیعت | نمبر | مصلح | بدل | پیمانہ | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۲۷ بھانگ | بنگ | قنب ورق الخیال | سبز | تلخ و تیز | ایک گھاس مشہور ہے اکثر ہندمین اسکے پتے مستعمل ہین | پتے گرم وخشک ۲ | درد سر لاتا ہے | تخم کرتا وشربت حاض | ۰ | ۴ ماشہ | امساک کرتا ہے اور بدہضمی لاتا ہے اور سنی کو خشک کرتا ہے اور دماغی ارواح کو مکدر کرتا ہے اور نشہ لاتا ہے اور رطوبت معدہ کو جذب کرتا ہے۔ اور ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ (نزد بعضے سم ہے) |
| بھانگ کے بنگ | تخم بنگ | بزر القنب | سیاہ | تلخ | مشہور | گرم خشک ۲ | معدہ کو | ۰ | ۰ | ۳ ماشہ | پیشاب لاتا ہے اور امساک کرتا ہے اور سنی کو خشک کرتا ہے اور رباہ توڑتا ہے اور بینائی کم کرتا ہے اور پیٹ کو گنگ کرتا ہے اور نشہ لاتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۲۸ بادگان دشتی بھٹکٹیہ | بادنجان بری حدق | تخم بزر وپتہ وپھل زرد | تلخ کل | ایک درخت ہوشبا یہ لیکن کچے درخت کے نارنج ایک گز تک اونچا۔ | گرم خشک ۲ | کرب لاتا ہے | نخاعین | ۰ | ۲ ماشہ | اسکے پھل کالیپ ملنے ورمون کو خوب تحلیل کرتا ہے اور نافع ہے اور اسکے کھانے سے کھانسی اور دمہ دور ہوتا ہے اور پیٹ کے کیڑے مارتا ہے اور بدہضمی لاتا ہے اور ہاضم ہے اور اسکے پتے بواسیر کو نافع ہین اور اسکی جڑ کا سفوف ہمراہ شکر سرخ ودودھ گائے کے مسک قوی ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۲۹ بیدانہ مالکنی | بیدانہ | حب العنب | سیاہ و سرخ | پھیکا لسدار | بہی کے بیج مشہور ہین | سرد تر ۲ | معدہ کو ضعیف اور سرحی کرتے ہین | سولف وشکر | اسبغول | ۷ ماشہ | اسکا لعاب حلق کے کھرہانے اور گرمی کی سوکھی کھانسی کو مفید ہے اور حرارت معدہ کو تسکین دیتا ہے اور جوری بخار اور سوزش وخشکی منہ وزبان کو دفع کرتا ہے اور سل کے زخم کو مفید ہے اور آنتون کی خراش اور اکثر امراض صفراوی کو نافع ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۳۰ بہلانوان | بلادر | حب القلب و حب البلسان | تنباکو تلخ | ایک بیابانی درخت کا پھل ہے جسکے بقدر چنا ہوتا ہے گلانبا اور اسکے بیج گلگری شکل سفرجل دار سے ہوتی ہے۔ | گرم ۲ خشک ۳ | جنون و سرسام پیدا کرتا ہے | نارنج تازہ وکنجد مقشر | روغن بلسان وفندق | ۱ ماشہ | گرنی کرتا ہے اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور لطافت کرتا ہے اور جلد مین زخم کرتا ہے اور سرد بیماریون کو مثل فالج ولقوہ ورعشہ وسلسل بول کے نافع ہے اور باہ زیادہ کرتا ہے اور ریاح اور مسہ کو دفع کرتا ہے۔ (قریب بسم) |

| نمبر شمار | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | نفع | مضر | بدل | مقدار خوراک | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۴۱ | بہمن سفید | ۔ | سفید | پھیکی | ایک جڑ ہے لعاب دار | گرم و خشک ۲ | گرم مزاجوں کو | غناب و کتیرا | تودری و اندرجو | ۹ ماشہ | باہ لاتی ہے اور بدن کو فربہ کرتی ہے اور منی زیادہ پیدا کرتی ہے اور دل کو قوت دیتی ہے اور ریاح کو تحلیل کرتی ہے اور بلغم کو بھی اور خفقان و کالور کو نافع ہے اور گردہ و مثانہ کی پتھری توڑ پھینکتی ہے اور زخم کو پاک کرتی ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۴۲ | بہمن سرخ | ۔ | سرخ | پھیکی با قدرے شیرینی | مشہور ایک جڑی ہے | گرم و خشک ۳ | اسفل کو | غناب و انیسون | اندرجو و موصلی | ۹ ماشہ | دل و دماغ کو قوت بخشتا ہے اور باہ لاتا ہے اور بدن کو فربہ کرتا ہے اور خون کو صاف کرتا ہے اور خفقان کو دور کرتا ہے اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے ۔ (غیر سمی) |
| ۱۴۳ بھنگرا | ۔ | ۔ | سبز | تلخ و تیز | ایک قسم کی گھاس ہے ہندمین | گرم و خشک ۲ | ۔ | ۔ | برگ بید انجیر | ۔ | اسکے پتون کا پانی مثانہ اور باہ کو قوت دیتا ہے اور بلغمی رطوبات کو اور طحال کی سختی اور جذام اور قولنج کو مفید ہے اور اسکی کلی امراض دہن اور دانتون کی درد کو دفع کرتی ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۴۴ بھنڈی | ۔ | بامیاہ بامیہ | سبز بیج سیاہ | پھیکی لعاب دار | ایک ترکاری ہے کہ شکل لانبی چار پہل ہے | سرد تر ۲ | بلغم پیدا کرتی ہے اور سرد مزاجونکو | گرم مصالح | خطمی بیج کل عباسی | ۔ | طلیل الغذا ہے اور صفرا کو دفع کرتی ہے اور منی کو پیدا کرتی اور گاڑھا کرتی ہے اور آنتون کی خراش اور حریان و سوزاک کو مفید ہے اور باہ کو قوت دیتی ہے اور اسکی جڑ کا سفوف سوزاک کے لیئے نافع ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۴۵ بھوٹ خیار دشتی | خیار | قثاء البر | سبز | ۔ | ایک پھل ہے دراز مثل کدو کے کہ گرمی برسات مین ہوتا ہے | سرد تر ۱ | تفاح ہی اور جلد سڑتا ہی | قند سفید و جوارش حارہ | خربزہ خام | ۔ | دل و دماغ کو قوت دیتا ہے اور بلغمی بخار پیدا کرتا ہے اور دماغی سدہ کھولتا ہے اور طبیعت کو نرم کرتا ہے اور پیشاب لاتا ہے۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | نام | رنگ | بو | مزہ | طبیعت | ماہیت | مقدار خوراک | مضر | مصلح | مقدار خوراک | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۴۴ | بھوں پھلی | . | . | تلخ و تیز | سرد خشک | ایک گھاس ہے قسم بوٹی سے جسکے پتے بیکار میں | | . | . | | باہ کو قوت بخشتی ہے اور منی پیدا کرتی ہے اور ادسکو گاڑھا کرتی ہے اور سوزاک کو نافع ہے اور دودھ منی یعنے منی جاری ہونے کو مفید ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۴۵ | بھوسی | سبوس | نخالہ | سفید | پھیکی | صرف بھوسی ہی مراد گیہوں کی بھوسی ہوتی ہے | گرم خشک ۱ | کبد بعیز بگر کو | نشاستہ | آرد جو | . | ورم سون اور بلغم کو تحلیل کرتی ہے اور مادہ سے پاک کرتی ہے اور جلا کرتی ہے اور سینہ و پیٹ کو نرم کرتی ہے اور سینہ کے کھرکھرائے کو اور پرانی کھانسی اور دبائس اور غلیظ ریاح اور نفخ کو مفید ہے اور اسکی سینک نمک کے ہمراہ مسام کھولتی اور ریاح کو تحلیل کرتی ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۴۶ | بہیڑہ بلیلہ | بلیلہ | بلیلج | بھورا زردی مائل | بکھٹا | ایک پھل ہے شکل ہڑ کے | سرد خشک ۲ | مقعد | شکر و شہد | آملہ و ہلیلہ سیاہ | ۱۰ ماشہ | لطافت کرتا ہے اور قابض ہے اور معدہ کو قوت دیتا ہے اور بھوک لاتا ہے اور بالخاصہ مادہ سوداوی کو براہ دست نکالتا ہے اور بالطبع مادہ صفراوی کو نکالتا ہے اور پرانے دستوں اور درد سر اور بواسیر کو نافع ہے اور آنکھوں اور دماغ کو قوت بخشتا ہے (غیر سمی) |
| ۱۴۷ | بہدانا بہی | سفرجل | . | زرد و سفید | شیریں و چاشنی دار | ایک پھل ہے کہ تازہ و تر ہو کر استعمال ہے | شیریں معتدل چاشنی دار سرد خشک ۲ | صدر بہت لانی ہے اور قولنج پیدا کرتی ہے | شہد و انیسون | امرود و سیب | . | فرحت لاتی ہے اور معدہ و دل و دماغ کو قوت بخشتی ہے اور روح حیوانی و نفسانی کو فرحت بہت دیتی ہے اور وسواس و خفقان کو دور کرتی ہے اور قابض ہے اور پیشاب و دودھ جاری کرتی ہے اور خشک کھانسی کو مفید ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۴۸ | بیج بند | . | . | سیاہ چمکدار | . | . | سرد و خشک ۱ | نفاخ و دیر ہضم | تنکر | تخم ہلگن | ۵ ماشہ | امساک کرتا ہے اور منی خوب پیدا کرتا ہے اور پیٹھ و کمر کو قوت بخشتا و قوی کرتا ہے (غیر سمی) |

| نمبر شمار | نام | مزاج | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | مقدار | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۵۱ | بید مشک و بہرانج | سبز | تیز و تیز بو | ایک قسم کی جنگلی بید جسکے پتے مساوہ سے کانٹے دار چھوٹے ہوتے ہین | سرد تر ا | ۰ | ۰ | عرق نیلوفر | ۰ | | مخلل ہے اور لطافت کرتا ہے اور سادہ کھولتا ہے اگر دماغی ہو اور گرمی کے دردسر کو تسکین دیتا ہی اور دل اور تنکمی اعضا اور باہ کو قوت دیتا ہے اور عرق اسکا قوی تر ہے کل افعال مین اور زیادہ تر عرق ہی مستعمل ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۵۲ | بید سادہ | مختلف | سبز و سفید | تلخ و تیز بو | یہ بھی ایک درخت ہی جسکا بید خشک کے اگر بہزون کے کنارہ کا عمدہ ہوتا ہے | سرد و خشک ا | کمر | گلاب و شکر | نیلوفر و گل خطمی | ۳ ماشہ و عرق ۵ تولہ | لطافت طبیعت لاتا ہے اور دل و دماغ کو قوت دیتا ہے اور جگر کا سدہ کھولتا ہے اور خفقان و ہیاس و دقی تبخار و بخار محترقہ کو دفع کرتا ہی اور خونی دستون کو بند کرتا ہی اور اسکا عرق کل افعال مین عمدہ ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۵۳ | اکرم عربیک | کاغذ | نہایت سبز باہر دانہ دولون | بدمزہ | ایک کیڑا ہی کہ شروع برسات مین ہوتا ہے اور پھر گم ہو جاتا ہی | گرم و خشک ۲ | حمل کرا دیتا ہے | روغن خرا طین | ایک عدد | | بلغمی امراض اور فالج و لقوہ کو مفید ہے اور اسکا لیپ قوت باہ اور اسماک اور فربہی لانے کو نہایت مفید ہے اور اسکا تیل نہایت قوی ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۵۴ | کنار | سیذر و سبق | سبز و سرخ و زرد | ترش و شیرین | ایک درخت کا پھل ہی اور اسکا درخت خاردار ہے | سرد و خشک | سرد مزاج والونکو و دماغ و معدہ کو | سکنجبین و سیب | ۰ | | قلیل الغذا صالح الکیموس اور روحی گرمی کو بجھاتا ہے اور ترش دماغ پر ابخرہ چڑھنے نہین دیتا ہے اور صفرا و پیاس کو دفع کرتا ہی اور اسکا پانی جگر کا سدہ کھولتا ہے اور آنتون اور معدے کے کیڑے مارتا ہی اور اسکی لکڑی کا برادہ خون بہنے کو بند کرتا ہی اور آنتون کے زخم اور دستونکو نافع ہے اور اسکے پتون کا لیپ ورم حار کو پکاتا ہی اور پتون کے جوشاندے کا پاشویہ دماغ پر ابخرات چڑھنے نہین دیتا ہی۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | منفعہ | مصلح | عمل | مقدار خوراک | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۵۵ | باد گان | باذنجان | اودہ و سفید | پھیکا | ایک درخت کا پھل ہی مشہور | گرم وخشک ۲ | سودا پیدا کرتا ہی اور بواسیر و قولنج لاتا ہے | گوشت و روغن و سرکہ | ۰ | ۰ | معدے کو قوی کرتا ہی اور سدہ کھولتا ہے اور سختیون کو نرم کرتا ہے اور پیشاب جاری کرتا ہی اور گرمی کے دردون کو بالخاصہ تسکین دیتا ہے اور قلیل الغذا کثیر الفضول ہے اور بیگن کا سر کسکے لگانا بواسیر کو بالخاصہ مفید ہے اور ہمراہ آنبہ ہلدی کے اسکو تراش کے سینک چوٹ کو نافع ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۵۶ | بیل | ۰ | سبز و زرد باہر و اندر زرد و سرخ | شیرین و خوشبودار | ایک پھل ہے برابر خربزہ کے | گرم ۱ وخشک ۲ | سدہ لاتا ہی اور بواسیر پیدا کرتا ہی | شکر | ۰ | تولہ تا ۲ تولہ | دل اور جگر اور معدہ کو قوت بخشتا ہے اور قابض ہی اور پرانے دستون کو بند کرتا ہے اور آنون اور رطوبت کو دفع کرتا ہے اور بالخاصہ نافع قبض ہے اور اسکا لیپ جلد مین دانہ پیدا کرتا ہے اور ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۵۷ | خزان | خرزان | زرد و سرخ و سبز | پھیکا | ایک درخت چہار دارز مثل بانس کے کہ قد اسکا ۲۰ گز ہوتا ہی ایک قسم کا کانٹا ہوتا ہی | گرم تر | خشکی لاتا ہی | روغن | ہار سنگھار | ۲ ماشہ | پتھری کو توڑتا ہے اور مادہ کو آفت رسیدہ عضو پر گرنے نہین دیتا ہی اور ورمون کو تحلیل کرتا ہی اور اسکا پانی بچھو کے پیا خون کو روکتا ہے اگر پیتا ہو۔ (غیر سمی) |
| | | | | | **باب البا والفارسیۃ** | | | | | | اسمین ۸۴ دوائیان ہین۔ |
| ۱۵۸ | پاپڑی لون | پورہ ارمنی | بورق | سفید | شور | گرم و خشک ۳ | معدہ کو اور غشی لاتا ہے | مصطگی و صمغ عربی | نمک اندرانی | ۵ ماشہ | ریاح کو تحلیل کرتا ہی اور جلا کرتا ہی اور ظاہر جلد کو سرخ کرتا ہی اور خون کو ظاہر کی طرف جذب کرتا ہی اور قولنج کو دفع کرتا ہی اور باہ کو حرکت دیتا ہی اور پیٹ کے کیڑے مارتا ہے اور بلغم غلیظ کو براہ دست نکالتا ہی اور سرمہ اسکا ہمراہ شہد کے حدت بصر کو مفید ہی اور چنبیلی کے تیل مین ذکر اور اوسکے اطراف پر ملنا خوب ستادگی لاتا ہی۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | نام فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | نفع | مضر | بدل | مقدار | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۵۹ پارہ | سیماب | زیبق | سفید و شفاف | ۰ | ایک معدنی جوہر سیال ہے | سرد ۲ تر ۳ | چٹھون کو اور منہ کو | دودھ و مرغن و شوربا | سیسہ پگھلا ہوا | ۲ ماشہ | گوشت کے ہمراہ کھانا صحت بدنی کو قائم رکھتا ہے اور چٹھون اور قوت ہاضمہ اور باہ کو قوت دیتا ہے اور تر کھجلی کو مفید ہے اور زخمون کو اور آتشک کو بھی مفید ہے اور اسکا دھوان رعشہ پیدا کرتا ہے اور اسکا کشتہ کوڑھ پیدا کرتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۶۰ پاکر | ۰ | ۰ | سبز و بھورا | بدمزہ | ایک درخت ہے بہت بڑا سایہ دار جسمین سے درد ہی نکلتا ہے | سرد تر ۱ | ۰ | ۰ | ۰ | ۹ ماشہ | پھوڑے پھنسیون اور بعض اعضا کی سوجن اور فساد بلغم کو مفید ہے اور اسکا پھل صفرا کو دفع کرتا ہے اور اسکا مربی طحال کو لئے مجرب ہے اور اسکا دودھ عضو آفت رسیدہ مین مادہ کو نہین آنے دیتا ہے اور تحلیل کرتا ہے اور اسکے پھل کا افشرہ دلکو قوت بخشتا ہے اور بہوک لاتا ہے اور صفرا کو قطع کرتا ہے (غیر سمی) |
| ۱۶۱ پالک | اسفاناخ | | سبز | بدمزہ | ایک قسم کا ساگ ہے مشہور | سرد ۲ تر ۱ | سرد مزاج والے کو | گوشت اور روغن بادام | خرفہ و کدو | ۳ تولہ | طبیعت کو نرم کرتا ہے اور مادہ کو گرنے کو روکتا ہے اور جلد ہضم ہوتا ہے اور معدہ کی سوزش اور پیاس اور گرمی کے بخارون کو مفید ہے اور مجری مثانہ و گردہ کی توڑتا ہے اور پیشاب بند ہو جانے کو مفید ہے اور گرم مزاج والون کو مفید ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۶۲ پالک بیج | تخم اسفاناخ | | بھورا نزدی مائل | پھیکا | ایک مشہور ساگ کا بیج ہے تیکونہ | طحال | سرد تر ۱ | | تخم خرفہ | ۰ ماشہ تا ۹ ماشہ | دردِ دل اور اعضائے شکمی کے دردون اور گرمی کے بخارون کو مفید ہے اور پیشاب جاری کرتا ہے اور پیاس اور سوزش معدے کو تسکین دیتا ہے اور اسکا شیرہ تپ دق و سل کے لیے مجرب ہے اور پیشاب بند ہو جانے کے لیے نافع ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۶۳ پالک جوہی | ۰ | ۰ | سبز و بھوری | قدرے تلخ | ایک گھاس ہے جسکے بیج پالک سے چھوٹے ولا بیج ہوتا ہے | گرم و تر | ۰ | ۰ | ۰ | ۶ ماشہ | اسکے پتون کے ۔ انگ کا طلا سیاہ داغ اور داد اور چہرے کی سیاہی کو مفید ہے اور اسکی جڑ کا پوست ہمراہ لونگ اور کالے زیرے کے ایک ایک تولہ لیکر ایک جوا پانی یا سرکہ مین پیس کے لگانا داد اور سیاہ داغ کے لیے مجرب ہے۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | نام | ہم معنی | ہم وزن | ماہیت | طبیعت | مقدار خوراک | مزاج | ہمراہ | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۶۱ | پان | تنبول | فان | ایک پتا ہی کہ میل مین لگتا ہی اور بہت قسم کا ہوتا ہی اور زرد مادہ بھی ہے | گرم و خشک ۲ | وسادہ ہی ۱ معتدل ۲ بگڑا گرم ۳ خشک ۴ | گرم ۱ مزاج والون کو تمار ۲ منہ | الائچی سفید و کتھہ و لونگ | طبیعت کو فرحت دیتا ہی اور دل و جگر و معدہ و دماغ و قوت حافظہ و فہم کو قوی کرتا ہے اور نشاط لاتا ہے اور مسام و سدہ کھولتا ہے اور پیشاب لاتا ہے و فضلات کو چھانٹتا ہی اور جھوٹی پیاس کو تسکین دیتا ہے اور آواز و گلے کو صاف کرتا ہے اور اسکے چبانے سے دانتون کا درد اور منہ کی بدبو دفع ہوتی ہے اور منہ کی رطوبت چھانٹتا ہی اور باہ کو قوت دیتا ہے اور بھوک لاتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۶۲ | پاڑ | . | . | ایک گھنڈالی چیز ہی جو پیڑ کی قسم سے گجرات مین عمدہ اور زیادہ ہوتی ہی | گرم و خشک ۲ | . | . | . | عورتون کی فرج کی رطوبت کو دفع کرتی ہے اور خون استحاضہ کو بند کرتی ہے اور اسکا لیپ امراض چشم کو مفید ہے۔ (قریب بسم) |
| ۱۶۳ | بیون | . | . | ایک گھاس ہی ہندوستان مین مشہور | گرم و خشک ۱ | . | . | . | اسکے پتے ورموں کو تحلیل کرتے ہین اور اسکی جڑ پانی مین پیس کے لگانا زخمون اور ناسور کو مفید ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۶۴ | بیل و بسنبل | فلفل | دارفلفل | ایک درخت کا پھل ہی جو شتوت سے | گرم و خشک ۲ | سر کوا بر اندہ سر ۱ لاتا ہی | حلتیت عربی و زنجبیل | سونٹھ و | سر و سوداء اور ریاح کو تحلیل کرتی ہے اور جگر و طحال کا سدہ توڑتی ہے اور کھانا ہضم کرتی ہی اور معدہ و کمر کو قوت دیتی ہے اور اعضای تناسلی مین گرمی پیدا کرتی ہی اور باہ کو حرکت دیتی ہی اور پیشاب و حیض کو جاری کرتی ہی اور حمل کو ساقط کر دیتی ہے۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | نام | نام ہندی | نام انگریزی | رنگ | بو | مزہ | ماہیت | طبیعت | نام | مصلح | مسکن | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۶۸ | بیسلا سول | | | قدرے سیاہ | | تلخ و تیز | ایک گرد دار جڑ ہے درخت پیپل کی | گرم و خشک | گرم مزاج والے کو اور بینائی کم کرتی ہے | صعتر عربی و شہد | ہندوستان | اسکا چبانا رطوبت منہ کی جھاڑتا ہے اور بلغم کو دفع کرتی ہے اور ہاضم ہے اور بھوک لاتی ہے اور معدہ کی گرمی کو ابھارتی ہے اور قولنج اور تشنج اور طحال کے ورم کو اور سر ہی کے ورموں کو نافع ہے اور ورموں کو تحلیل کرتی ہے اور سیاہ کو لیتی ہے اور باد جود کم کرنے منی کے باہ زیادہ کرتی ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۶۹ | پپیتہ ورنڈ خربزہ | ۰ | ۰ | سبز زرد و سرخ | | خام تلخ و پختہ شیریں | ایک درخت کا پھل ہے ہرا پختہ کے اور اسکے درخت کے پتے شکل انڈ کے ہوتے ہیں | سرد تر ۲ | سبزہ بغمی مزاج والیکو | شکر | انجیر ہندی | منہ سے خون آنے کو اور گرمی کی بواسیر کو اور دل و معدہ کی سوزش کو مفید ہے اور اسکا دودھ داد پر لگانا نفع کرتا ہے اور اسکا پھل آتشک کو مفید ہے اور اسکا پختہ پھل کھانا یا خام کا اچار امراض طحال کو مفید ہے (غیر سمی) |
| ۱۷۰ | پپیتہ | ۰ | ۰ | بھورا و سیاہ | | تلخ | ایک پھل کا درخت ہے اور وہ پھل کے برابر ہوتا ہے اور بیچ تیل ہوتا ہے | گرم و خشک ۲ | گرم مزاج والے کو اور تشنج لاتا ہے | کاسنی | وہ بنی نارین | زہروں کو مارتا ہے اور اوسکی مارگ ہے اور ہیضہ کو نہایت مفید ہے اور مجرب ہے کہ اگر ہمراہ گلاب کے پیکر دیا جاوے فوراً قے دوست بند ہو جاتے ہیں اور حیض کو جاری کرتا ہے اور دمے اور جلندر اور ریاح اور گھٹیا کو نافع ہے۔ (قریب السم) |
| ۱۷۱ | بلول | ۰ | ۰ | سبز | | قدرے تلخ و چرپرا | ایک درخت ہے جو کہ پیپل کے برابر ہوتا ہے اور پتے اوسکے پیپل کے برابر اور بیل ہوتی ہے اور پھل برابر انار دانہ کے | گرم و تر ۲ | گرم مزاج والیکو | | دہنیا | کھیرا لگرتی | جلد ہضم ہوتا ہے اور باہ لاتا ہے اور بھوک کو بڑھاتا ہے اور دل و معدہ کو قوت دیتا ہے اور کھانسی اور فساد خون و صفرا اور بخار پھوڑے پھنسی کو نافع ہے اور پیٹ کے کیڑے مارتا ہے اور گوشت کے ہمراہ لذیذ ہوتا ہے۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | نام فارسی | نام عربی | رنگ | بو | ماہیت | کیفیت | مزہ | مصلح | عمل | مقدار خوراک | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۶۲ پنا | زمرد | زمرد | سبز براق | پھیکا | ایک قسم جواہرات سے ہے کھدانی مشہور | سرد ۲ خشک ۳ | مٹھانہ | مشک | سونگھنا و زیر جد | ۲ سُرخ | فرحت بخشتا ہے اور حرارت اصلی اور ارواح اور دل اور دماغ اور جگر اور معدہ کو قوت بخشتا ہے اور مرگی اور جنون اور خفقان اور جاندر اور کانور اور پیشاب یرمین آنے کو اور کوڑہ کو دفع کرتا ہے اور بینائی کو اسکا سرمہ قوت بخشتا ہے اور کیڑون کے زہر کا مارگ ہے۔ (اس سے زیادہ سم ہے) |
| ۱۶۳ پدہارا | ۰ | بھوری | بھورا | بھیگا و بھٹی | ایک جڑ ہے بڑی | گرم و خشک | ۰ | ۰ | سونگنا | ۳ ماشہ | طبیعت کو نرم کرتی ہے اور باہ لاتی ہے اور فساد ملغم وخون اور جریان اور اکثر اعضا کے ورم اور گھٹیا اور عرق النسا کو دفع کرتی ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۶۴ پستہ | پستہ | فستق | سبز مائل بہ سرخ | پھیکا و قدرے شیرین و بہتر قدرے تیز | ایک لاتی میوہ مشہور ہے برابر کشمش کے لال اور سبز رنگ سے سخت۔ | گرم اخشک ۲ مع قدرے رطوبت | ۰ | سکنجبین و آلو بادام | ۰ | ۰ | ذہن اور حافظہ اور دل اور دماغ اور معدہ اور باہ کو قوت دیتا ہے اور خفقان اور قی اور متلی کو تھوتا ہے اور جگر کا سدہ کھولتا ہے اور بدن کو فربہ کرتا ہے اور گردہ کی لاغری کو اور جگر کی سردی کو دفع کرتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۶۵ پستہ کا چھلکا | پوست پستہ | | | پھیکا و کڑوا | مشہور | سرد و خشک | ۰ | ۰ | ۰ | ۳ ماشہ | قابض ہے اور منہ آنے کو نافع ہے اور قی اور ہچکی کو دفع کرتا ہے اور معدہ و دانتون و مسوڑون و قلب و دماغ کو قوت بخشتا اور منیہ کو خوشبودار کرتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۶۶ پکمان بیہ | گوشاہ | خطاطیا | سرخ و قدرے سیاہ | تلخ | ایک جڑ ہے بقدر ایک بالشت کے | گرم و خشک ۲ | سینہ اور گرم مزاج والیکو | اسقولو قندیون وزراوند مدحرج | اوسان | ۳ ماشہ | قابض ہے اور لطافت کرتا ہے اور جلا کرتا ہے اور ورعون وغیرہ کو تحلیل کرتا ہے اور سدہ کھولتا ہے اور مادہ کو پاک کرتا ہے اور سردی کے دردون اور پسلی کے درد اور معدے کے درد کو تسکین دیتا ہے اور پیشاب جاری کرتا ہے اور کانور اور پرسیو اور جریان کو مفید ہے اور مقوی باہ ہے اور اسکا لیپ سر کے ہمراہ کانور کو نافع ہے اور دیوانہ کتے کے زہر اور اکثر زہر ون کا مارگ ہے۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | نام فارسی | عربی | ہندی | ماہیت | طبیعت | بھاؤ | مسلک | بدل | مقدار خوراک | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۶۶ پٹ پاپڑہ | شاہترہ | | سبز یا سیاہی | ایک گھاس ہے مشہور | مرکب القوے ونزد تبخ سرد تر ۱ | کاسنی بھیجرے تخمو | | سناء و ہلیلہ زرد | ۹ ماشہ | جگر اور طحال کا سدہ کھولتا ہے اور جگر و معدے کو قوت دیتا ہے اور صفرا و سودا و بلغم کو براہ دست نکالتا ہے اور خون کو صاف کرتا ہے اور سوکھا شاہترہ تپ کہنہ اور امراض سوداوی کو مفید ہے اور کالنور کو کھوتا ہے اور اسکے پتوں کا آب مروق معدہ اور بھوک کو قوت دیتا ہے اور طبیعت کو نرم کرتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۶۸ پٹ پاپڑہ کے بیج | تخم شاہترہ | | | مشہور | معتدل مائل بحرارت | طحال | کاسنی و ہلیلہ زرد | سناء مکی | ۷ ماشہ تا ۹ ماشہ | معدے اور آنتوں کو پاک کرتا ہے اور اوس فضلہ کو نکالتا ہے جو بند ہوا اور خون و صفرا و سودا کو صاف کرتا ہے اور بھوک لاتا ہے اور کالنور کو نافع ہے اور اکثر امراض سوداوی کو فائدہ مند ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۶۹ بنگ | بکم | بقم | خوب سرخ | ایک درخت کی لکڑی ہوکہ خوبصورخ ہوتی ہے اور کپڑے اوس سے رنگے جاتے ہین | تلخ و شیرین و تیز بو گرم وخشک ۲ ونزد اطبائے ہند سرد وخشک ۲ | ۱ تولہ قاتل ہے | سرد چیزین اور قند | ۰ | ۵ ماشہ | اسکی پتی چھیر کیڑا زخمون اور پرانے پھوڑون کو بھرلاتا ہے اور بہتے خون کو بند کرتا ہی اور بہتے زخمون کی رطوبت کو خشک کرتا ہے اور رنگ رخسارہ کو صاف کرتا ہے اور اسکا پینا فساد بلغم و خون و پھوڑے پھنسی کو دفع کرتا ہی اور اسکے رنگے ہوے کو پہنا باہ لاتا ہے۔ (ھم قاتل) |
| ۱۷۰ پتھری | شکدان وجینہ دان | فالصہ | سرخ اندر زرد | جڑ پودے کے دانے کا پودا گویا کہ اسکا سعدہ ہے | | قبض لاتا ہی اور دیر ہضم ہے | سرکہ و نمک | ۰ | ۲ ماشہ | کثیر الغذا ہی اور خفقان کو کھوتی ہے اور جگر کو قوت دیتی ہی اور خون صالح پیدا کرتی ہی اور اسکے اندر کا پوست معدے کے درد اور قراقر اور مروڑ کو مفید ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۷۱ پتھری بورسی | ۰ | ۰ | سبز | ایک گھاس ہوکہ پتھر پر اگتی ہے | گرم خشک | ۰ | ۰ | ۰ | تولہ | گردہ و مثانہ کی پتھری کو توڑتی ہے اور پیشاب خوب جاری کرتی ہے۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | نام خاصی | عربی | رنگ | ذائقہ | طبیعت | ماہیت | بہار | بلغم | پیشاب | مقدار خوراک | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پنوار و چکوند | ۔ | ۔ | پتے سبز ہوں زرد | تیز | گرم و خشک ۲ | ایک گھاس ہے جسکے بیج برابر رشاد موٹھ کے | انتیڑوں کو | دوغ | باجی | ۲ ماشہ | محلل ہے اور رطوبت کو جذب کرتی ہے اور لیموں کے عرق کے ہمراہ اسکا لیپ سفید داغ اور داد اور سوجھی و ٹیکجلی کو مفید ہے اور اسکا کھانا امراض وبائی سے اور ہوائے وبائی سے محفوظ رکھتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۹۳ پنیر | پنیر | جبن | سفید زردی مائل | قدرے شور | دودھ حیوانات کا پھاڑ کر بنایا ہوا | سرد تر ۲ | | سوزش دار شہد اور صفرا کو دفع کرتا ہے | | ۔ | معدہ اور آنتوں اور گردہ کو قوت بخشتا ہے اور طبیعت کو نرم کرتا ہے اور دیر ہضم ہے اور خلط صالح پیدا کرتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۹۴ پنیر مایہ و چشمہ و چاک | ۔ | انفحہ | سفید | قدرے شور | شیر دار جانور کے معدہ سے اکثر نکلتا ہے | گرم و خشک ۲ | معدہ اور آنتوں کو | معدہ اور آنتوں کو سوزش شہد | | یکماشہ | معدہ وگردہ کو قوت بخشتا ہے اور دستوں کو بند کر دیتا ہے اور نکسیر و رطوبت رحم کے بہنے کو بھی روکتا ہے اور لطافت بخشتا ہے اور محلل رطوبت ہے اور رطوبت رحم کے ورد کو دفع دیتا ہے اور زہر ہو بگڑائی ہوئی کو جما دیتا ہے اور جس ہوئی کو پگلاتا ہے اور جس نے مردار سنگ کھایا ہو اسکو پیے تو مضرت دور ہوتی ہے اور ہر جانور کا پنیر اپنی خاصیت میں موافق مزاج اُس جانور کے ہے۔ گوشت کے بیان میں انشاء اللہ آویگا۔ (غیر سمی) |
| ۱۹۵ پودینہ | پودینہ | فتنج | سبز | تلخ و تیز و تیز بو | گرم خشک ۲ | ایک قسم کی گھاس ہے مشہور اور آنیالاستعمال ہے | انتیڑوں کو اور پیشاب کو | کثیر | مدر | ۲ ماشہ | لطافت کرتا ہے اور فضلات سینہ وگردہ کو پاک کرتا ہے اور کف اور بلغم کو مفید ہے اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور پیشاب و پسینہ کو لاتا ہے اور وضع حمل میں مدد دیتا ہے اور اسکے سونگھنے سے غشی رفع ہوتی ہے۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | نام عربی | نام عجمی | رنگ | بو | مزہ | ماہیت | طبیعت | نسبت | مضر | بدل | مقدار خوراک | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۰۸ | پودینہ بہاڑی | پودینہ کوہی | سبز و قدرے تیرہ | خوشبو تیز و تیز بو | قدرے قبض جبلی | ایک پہاڑی کھاس ہے شکل پودینہ کے | گرم و خشک ۳ | پھیپھڑے کو | پودینہ | افیمون | ۵ ماشہ | بدن میں خوب گرمی بڑھاتا ہے اور پیشاب اور حیض اور دودھ کو خوب جاری کرتا ہے اور سدہ کو توڑتا ہے اور سینہ و پھیپھڑے کو پاک کرتا ہے اور جگر و معدہ و طحال کو قوت بخشتا ہے اور گردہ کو بھی قوت دیتا ہے اور منہ سے خون آنے کو بند کرتا ہے اور ملغم کو براہ دست نکالتا ہے اور قولنج کو نافع ہے اور ہمراہ سرکے کے اسکالیپ بلغمی ورموں کو تحلیل کرتا ہے اور پھوڑوں کو خشک کرتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۰۹ | بونیدان | مستجلہ | سفید | تلخ | قدرے شیرین | ایک درخت لانبی سخت جس کے اوپر خطوط ہوتے ہیں | گرم خشک ۲ | انتین | شہد و رائی | جوہر | ۱ ماشہ | باہ لاتی ہے اور جماع کو حرکت دیتی ہے اور کٹھیا اور نقرس یعنی پیر کی انگلی کے درد کو نافع ہے اور جگر و طحال کا سدہ کھولتی ہے اور معدہ کو مادہ ردی سے پاک کرتی ہے اور حمل کو ساقط کرتی ہے اور جلندر کو مفید ہے اور معدے کے کیڑے مارتی ہے اور سر و زہروں کی مارگ ہے اور بواسیر کو نافع ہے اور بالخاصہ مادہ صفراوی کو براہ دست نکالتی ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۱۰ | پوست | | سفید و میلا | تلخ | | خشخاش کا چھلکا ہے جسے بوقت قاحی کے گود کر افیم نکالتے ہیں | سرد ۲ و خشک ۱ | پھیپھڑے کو | شکر و مصطگی | افیون | ۱ ماشہ | غصہ کو سست کرتا ہے اور مادہ کو پکاتا ہے اور درد دستوں کو بند کرتا ہے خاصکر خونی و صفراوی دستوں کو اور معدہ و مثانہ کی سوزش کو دور کرتا ہے اور نیند لاتا ہے اور کھانسی اور اکثر امراض سینہ کو مفید ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۱۱ | | | سیاہ | تلخ | | آرمینیہ کی درخت ہے گھاس ہوا دستی کیان بناتے ہیں | سرد و خشک ۱ | ۰ | ۰ | رسوت و شیاف | ۱ ماشہ | مواد کو پکاتا ہے اور آشوب چشم کو مفید ہے اور مادہ کو نرم کرتا ہے اور گرمی کو درم اور جوڑ بند کے درد کو نافع ہے اور گرمی کے درد سر کو اسکالیپ نفع کرتا ہے۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | نام فارسی | عربی | انگریزی | نام علمی | ماہیت | طبیعت | فعل | مصلح | بدل | مقدار خوراک | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۹۰ پوے | ۰ | ۰ | سبز و اودہ | نادراً تلخ | ایک بیل ہے جسکے پتے پانک شابہ ہوتے ہین | سرد ترا | بلغم پیدا کرتی ہے | شکر | ۰ | ۰ | نیند اور باہ لاتی ہے اور منی پیدا کرتی ہے اور حلق اور آواز کے آلات کو نرم کرتی ہو اور گرمی کے بخار کو نہین آنے دیتی اور آگ کے جلے کو مفید ہے اور اسکا لیپ ذکر پر کرنا امساک کرتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۹۱ بوبہ | مادران | بابونہ | قدرے تلخ و تیز | ایک سبز و پتلی گھاس ہے جسکے پھول شکل سونے کے چترا رہوتے ہین | گرم و خشک ۳ | گردہ کو | انیسون افسنتین | بابونہ | ۶ ماشہ | | اطلاف بخشتا ہے اور مسام کھولتا ہے اور پیشاب و حیض کو جاری کرتا ہے اور پتھری توڑتا ہے اور معدے کے کیڑے مارتا ہے اور ورمون کو تحلیل کرتا ہے خاصکر رحم کے ورم کو۔ (غیر سمی) |
| ۱۹۲ بہالسہ | بالسہ | فالسہ | سُرخ و سیاہ | شیرین و ترس | ایک پھل ہے قدر جبہ کے ہوا اور اسکے پتے برابر توت کے پتون کے | سرد ۲ خشک ۱ | مزاج و دانونکو | انیسون و گلقند | ۰ | ۰ | دل اور معدہ اور جگر گرم کو قوت بخشتا ہے اور صفراوی دستون اور قے اور ہچکی اور تشنگی کو دفع کرتا ہو اور بخار کی گرمی اور سینہ و معدہ و پیشاب کی سوزش کو اور سوزاک کو زائل کرتا ہو اور اسکا رب معدہ کو قوت دیتا ہے اور خفقان و اختلاج قلب کو دفع کرتا ہے اور حرارت و پیاس کو تسکین دیتا ہے اور اسکی جڑ کا پوست ریزہ ریزہ کرکے شب کو بھگو کے صبح کو اُسکا زلال پینا سوزاک اور پیشاب کی سوزش کو دور کرتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۹۳ چھٹکری | زاک سپید | زاج ابیض یمانی | سفید | کسیلا و قدرے شور | ایک معدنی رنگ چیز ہے اور شفاف مثل بلور کے | گرم ۲ و خشک ۲ | پھیپھڑے و آنتونکو | گھی و دودھ | نوشادر و نمک سیاہ | یک ماشہ | خشکی لاتی ہے اور قابض ہو اور جلا کرتی ہے اور یہ ایک ماشہ ہمراہ ۴ ماشہ مصری اور باد بھر دودھ کے ہمراہ اسطے زخم گردہ اور مثانہ اور سوزش کرکے اور توڑنے پتھری گردہ و مثانہ کے مفید ہو اور اسکا سموں لینے لتہ ہمراہ رانگ گندنا کے رکھنا رحم سے خون آنیکو نافع ہو اور آنکھ کے جالے و آشوب کو دفع کرتی ہے۔ اور ہمراہ دودھ کے پینا صدمہ چوٹ کو نافع ہے (غیر سمی) |

| نمبر شمار | اسم | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مزاج | بدل | مقدار | افعال و خواص | نمبر صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۹۴ | پھول پھلی | ۔ | ۔ | سبز | تلخ | ایک قسم کی گھاس زمین پر جتہ مار کے اگتی ہے جسکے پتے باریک ہوتے ہین | سرد خشک | اعضائے سینہ کو | مصری | ۔ | باہ کو قوت دیتی ہے اور منی کو پیدا کرتی اور غلیظ بینے کا ڑہا کرتی ہے اور سوزاک وجریان منی کو نافع ہے اور پیشاب کی سوزش کو دفع کرتی ہے ۔ (غیر سمی) | |
| ۱۹۵ | بھوں آنولہ | ۔ | ۔ | سبز زردی مائل | تلخ و کسیلا | ایک گھانس بالکل آنولہ کے مشابہ ہے | سرد ا | سردمزاج والون کو | کالی مرچ | ۵ ماشہ | اسکا رانگ ناسور اور بڑے بڑے زخمون کو بھر لاتا ہے اور اسکا لیپ ہمراہ نمک کے خارش کو مفید ہے اور تنہا چوٹ کو بہت فائدہ مند ہے ۔ (غیر سمی) | |
| ۱۹۶ | پیاز | پیاز | البصل | سرخ و سفید | پھیکا و تیز | مشہور ہے | گرم و خشک ۳ مع رطوبت فضلیہ | گرم مزاجونکو اور یابس دماغیان کو مضر ہے | سرکہ و نمک و شہد | پکاکر ۱ تولہ تا ۲ تولہ | سدہ و سام کھولتی ہے اور بھوک بڑہاتی ہے اور ہاضم ہے اور باہ کو قوت دیتی ہے خصوصاً چکنے گوشت کے ہمراہ پکی ہوئی اور بادی ہوا کی مضرت کو دفع کرتی ہے اور طبیعت کو نرم کرتی ہے اور ریاح کو تحلیل کرتی ہے اور امراض جشم کو مفید ہے اور پیشاب و حیض کو جاری کرتی ہے اور اسکو پکا کے لیپ کرنا سردرمونکو پکاتا ہے اور کھٹی ڈکار کو دفع کرتی ہے اور مضرت اختلاف آب وہوا کو مفید ہے ۔ (غیر سمی) | |
| ۱۹۷ | پیاز کے بیج | تخم پیاز | بزر البصل | سیاہ | قابضہ تلخ | مشہور ہے | گرم خشک ۲ | گرم مزاج والونکو | ۔ | تخم ۳ ماشہ | سردمزاج والون کو باہ زیادہ کرتے ہین اور سدہ کھولتے ہین اور بھوک لاتے ہین اور اسکا لیپ بال خورہ اور سیاہ داغ کو مفید ہے ۔ (غیر سمی) | |
| ۱۹۸ | پیا بانسہ | ۔ | ۔ | سبز | تلخ و تیز | ایک ہندی گھاس ہے | سرد تر | ۔ | ۔ | ۔ | بخار اور درد کو دفع کرتا ہے اور شہد کے ہمراہ کھانا نکسہ اور منہ سے خون آنکو بند کرتا ہے اور پیشاب و حیض جاری کرتا ہے اور پتہ کو جہانتا ہے اور بھوک لاتا ہے اور اسکی کلی دانتون کے درد کو مفید ہے اور اسکی جڑ کھانسی مین کام آتی ہے ۔ (غیر سمی) | |

| نمبر شمار | نام | عربی | رنگ | ماہیت | مزاج | طبیعت | نمبر | مصلح | بدل | مقدار خوراک | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۹۷ | پیلا اگنا | . | زرد سرخی مائل | ایک جڑ ہوا کثر ہندکے پورب طرف ہوتی ہے | تلخ | گرم خشک مع رطوبت فضلیہ | . | . | . | اماشہ | ورموں کو تحلیل کرتا ہے اور درد سر کو نافع ہے اور ام الصبیان اور رتوندی اور آنکھوں کی سرخی اور کان کے درد اور دانتوں کے درد اور دمے کو دفع کرتا ہے اور بہ کو مفید ہے اور سر دہماریوں کو اسکا پینا مفید ہے اور قولنج اور پیٹ کے درد کو نافع ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۹۸ | کدوے پیٹھہ | کدوے رومی | معدہ | باہر سبز اندر سفید | پھیکا | ایک قسم کا کدو ہے | سرد تر ۲ | سرد مزاج والوں کو | مرچ و نمک و شکر | لوکی | خلط صالح پیدا کرتا ہے اور دل وجگر ومعدہ کی حرارت کو تسکین دیتا ہے اور گرمی کے خفقان کو مفید ہے اور منی زیادہ پیدا کرتا ہے اور فربہی لاتا ہے اور سل ودق والے کو نافع ہے اور اسکا مربی دماغ ودماغ کو قوت بخشتا ہے اور قوت زائد کرتا ہے اور حرارت کو تسکین دیتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۱۹۹ | پیٹھہ کے بیج | تخم کدوے رومی | بزر القرع | سفید | قدرے شیرین | مشہور ہے | سرد ۲ تر ۱ | سرد مزاج والوں کو | بادیان | تخم کدو | ایک تولہ | حرکت میں آئے ہوئے اخلاط کو اور صفرا کو اور جوش خون وحرارت جگر وپیاس کو تسکین دیتا ہے اور پیشاب جاری کرتا ہے اور کھانسی اور اکثر شبانہ کی بیماریوں کو دفع کرتا ہے اور سل اور تپ دق کو نافع ہے اور اسکا تیل دماغ کی خشکی اور بیخوابی کو دور کرتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۲۰۰ | پیپل | . | . | سبز | بکھٹا | ایک بہت بڑا درخت ہوتا ہے جسکی ہندو پرستش کرتے ہیں | پتے اور چھال سرد وخشک ۲ ونزد بعضے گرم | . | . | . | . | اسکی چھال کا لیپ ورموں کو تحلیل کرتا ہے اور ناسور کو مفید ہے اور اسکے پتے بھی محلل ہیں اور زخم کو بھر لاتے ہیں اور سڑاتے ہیں اور وہ پتے جو خود سوکھ کے گرتے ہیں گرما گرم پانی میں ڈال کے پینا متلی اور قے کو مفید ہے اور اسکے جڑ کی چھال امساک لاتی ہے اور منی کو گاڑھا کرتی ہے اور کمر کو قوت بخشتی ہے۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | نام فارسی | نام عربی | رنگ | بو | مابیت | طبیعت | مزاج | ذائقہ | محل | بدل | مقدار خوراک | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۰۴ پیلو | درخت مسواک | اراک | سبز ورزرد | قدرے شور | ایک درخت ہے جسکی جڑ کی مسواک بناتے ہین | گرم خشک | ۲ | خراش معدہ | کتیرا و کیوڑہ و صندل | ۱ | ۳ ماشہ | جلا کرتا ہے اور دمون کو تحلیل کرتا ہو اور بلغم چھانٹتا ہو اور مسام کھولتا ہو اور یاہ کو قوت دیتا ہو اور دستونکو بند کرتا ہو اور رحم کے ورم کو بھی تحلیل کرتا ہو اور بواسیر وخارش و کوڑہ کو نافع ہو اور اسکی چھال صفرا اور بلغم کو براہ دست نکالتی ہو اور جلنہ کو سفید ہو اور اسکی لکڑی کی مسواک انتونکو جلا دیتی اور قوی کرتی ہو اور مسوڑون کو قوت بخشتی ہو۔ (غیر سمی) |
| ۲۰۵ پیوسی | زہک و فلہ | لبا | سفید | پھیکا | دو دورہ جو اول اول حیوان سے دوہے ہوئے سے دوہتے ہین | سرد تر | ۲ | سادہ لاتی ہے | شہد و سہاگہ | پنیر | ۰ | بدن کو فربہ کرتی ہے اور یاہ کو حرکت دیتی ہے گرم مزاج والون کے اور قبض کرتی ہو اور بلغم قولنج پیدا کرتی ہے اور خلط خراب وغلیظ پیدا کرتی ہے اور دودہ کو جما دیتی ہے (غیر سمی) |
| ۲۰۶ پیتل | برنج | ۰ | زرد | پھیکا | ایک قسم فلزات سونے کی جنس سے ہے | گرم ۱ خشک ۲ | | چھونکو | ۰ | تانبا | ۰ | فساد ریاح وبلغم کو دفع کرتا ہو اور کالور کو نفع کرتا ہو اور ورم طحال کو مفید ہو اور اسکی برتن کہانا پکانے و کھانے مین استعمال کرنا اعضای دماغی کو مفید اور سینہ کو مضر ہو (غیر سمی) |
| | | | | | باب التاء المثلثة فوقانیہ | | | | | | | اور اسمین ۷-۳- دوائیان ہین۔ |
| ۲۰۷ تاڑ | مہتال | طار | سرخ اندر سفید | قدرے شیرین و بدبو | ایک درخت ہو لانبا اور بلند مثل نارئیل کے | خام سرد تر پختہ گرم تر | | | قی | ۰ | ۰ | یاہ کو قوت دیتا ہے اور فساد صفرا و خون کو دفع کرتا ہے اور پیشاب جاری کرتا ہے اور بدن کو فربہ کرتا ہو اور ارواح کو قوت بخشتا ہو اور تاڑی اسکی نشہ لاتی اور بدن کو فربہ کرتی ہو اور مقوی ہے اور صفرا و بلغم کو دفع کرتی ہے اور تاڑی کا سرکہ ہاضم ہے اور دمعدہ وطحال کو نافع ہے۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | نام | رنگ | بو | مزہ | ماہیت | طبیعت | نمبر | مزاج | بدل | مقدار خوراک | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۰۰ | تانبکھانہ | ۰ | ۰ | بھورا | پھیکا | ایک رخت کا بیج ہے کہ کرنے رے پانی کے اگنے سے مثل تودہی کے | گرم خشک ۲ | گرم مزاج دالونکو اور نفاخ ہے | سرو چنیرن | مصری و مروڈ پھلی | ۷ ماشہ | قوت بخشتا ہے اور فرحت بخشتا ہے اور بدن کو فربہ کرتا ہے اور باہ لاتا ہے اور منی زائد پیدا کرتا ہے اور منی کو گاڑھا کرتا ہے اور امساک کرتا ہے اور فساد سودا و خون کو دفع کرتا ہے اور جریان منی کو دور کرتا ہے اور استسقا ئیے جلندر کو نافع ہے۔ (غیر سمی) |
| ۲۰۱ | تانبہ | مس | تحاس | شرخ و بھورہ | نہایت کسیلا | ایک قسم کا معدنی فلزات ہے مشہور | گرم و خشک ۲ | گرم مزاج والون کو | کتیرا | ۰ | ۱ ماشہ | فالج اور لقوہ اور اکثر سردی کی بیماریون کو مفید ہے اور ہمراہ سرکہ کے اسکا لیپ ورمون کو تحلیل کرتا اور کھجلی کو دفع کرتا ہے اور فساد صفرا و بلغم کو دور کرتا ہے اور کالون اور کوڑہ کو نافع ہے اور کمانسی و دمہ کو بھی نافع ہے اور قے لاتا ہے اور پھوڑیکو بھر لاتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۲۰۲ | تانبہ جلا ہوا سوختہ | مس | روغنیج | مٹیالا | پھیکا | تانبی کی راکھ ہوکر اسکو جلا کے بناتے ہین | گرم و خشک ۳ | قولون کو قوی کرتی ہے | کتیرا وصمغ عربی | قوبال مس | ۱ ماشہ | خشکی کرتی ہے اور گوشت کو گلا دیتی ہے اور جلا کرتی ہے اور رحمون کو پاک کرتی ہے اور بھر لاتی ہے اور آنکھ کے پردون کو جلا دیتی ہے اور بد گوشت کو کاٹتی ہے اور جلندر کو مفید ہے۔ (غیر سمی) |
| ۲۰۳ | تارا مکھی | ۰ | مرقشیثا و حجر النوشادر | شرخ و زرد و بھورا | پھیکا | ہر فلزات کی کان سے نکلتا ہے ہمراہ اس معدنی کے جسکے معدن سے نکلے لہذا وہی معدنی چیز ہے | گرم ۲ خشک ۳ | گرم مزاج دالونکو اور کثرت اسکی قاتل ہے | کتیرا و شہد | افلیمیا شرخ | ۱ ماشہ | ورمون کو تحلیل کرتی ہے اور جلا کرتی ہے اور قابض ہے اور گرمی پیدا کرتی ہے اور اگر اسکو لڑکے کے گلے مین لٹکا دین تو سوتے مین ڈرنے سے محفوظ رہے اور اسکا سرمہ جلا کرتا ہے اور آنکھ کو قوت بخشتا ہے اور مواد جہانٹتا ہے اور اسکا مرہم ہمراہ ہر تال کے بد گوشت کو کاٹتا ہے اور زخم کو مواد سے پاک کرتا اور جلا کرتا ہے اور زخم کو بھر لاتا ہے اور اسکا کشتہ اکثر امراض سرد مین مفید ہے۔ (کثیر سم قاتل ہے) |

| نمبر شمار | ہندی | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | خاصہ | مصلح | حال | مقدار خوراک | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۱۱ | | | | | | | | | | | |
| تیتی | ۰ | ۰ | سبز | ترش | ایک قسم کی گھاس ہی ہند مین ہوتی ہی | سرد تر ۱ | پھیپھڑے کو | گوشت و گرم مصالحہ | تازہ و خرفہ | ۰ | گرمی کو دفع کرتی ہے اور دماغ پر اسکے نہین چڑہنے دیتی اور جلا کرتی ہے اور معدہ وجگر کو قوت بخشتی ہے اور لوہار اسکے عرق یعنے رانگ سے ہمراہ کسیس کے فولاد مین جوہر اٹھاتے ہین اور اسکا ساگ گوشت مین بہت لذیذ اور مقوی ہوتا ہی۔ (غیر سمی) |
| ۲۱۲ | | | | | | | | | | | |
| ترتک و تمانیر | ۰ | سماق | قدرے سرخ و بھدری | ترش | ایک درخت کا پھل ہی بقدر دانہ غلہ انگور کے ہوتا ہے | سرد و خشک ۲ | معدہ اور جگر کو | مصطگی و زرشک و انیسون و اقاقیا | سرکہ و نمک | ۵ ماشہ تا تولہ | مقوی کو دباغت کرتا ہی یعنے اسکے دانت کھرے کر دیتا ہے اور قابض ہی اور قے ودستی وصفراوی دستون کو بند کرتا ہے اور آنتون کی خراش کو نافع ہے اور منہ سے خون آنے اور خون بہنے کو مفید ہے اور بہت پیشاب آنے کو روکتا ہے اور اعضاے شکمی کو قوت بخشتا ہے اور ذرب یعنے ان دستون کو جو معدے مین کھانا جلتے ہی نکل جاتا ہے۔ دفع کرتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۲۱۳ | | | | | | | | | | | |
| تتلی | ۰ | سداب | پتے سبز پھول زرد و بدلو | تلخ سا | ایک قسم کی گھاس ہی کہ اکثر گیہون کے کھیت مین بوتے ہین اور کھیت کو خراب کرتی ہے | پتے گرم خشک ۳ | باہ کو اور بینائی کو اور دود سلاتا ہے | انیسون و سکنجبین و پودینہ | صعتر | ۱۰ ماشہ | تلطیف کرتی ہے اور ریاح اور نفخ کو تحلیل کرتی ہے اور دماغ کو قوت بخشتی ہے اور دماغی امراض اور سینہ کے امراض اور طحال اور یرقان یعنی کالو اور ریاحی قولنج کو نافع ہے اور گردہ ومثانہ کی پتھری کو توڑتی ہے اور پیشاب اور حیض جاری کرتی ہے اور پانی مین پیس کے اسکا لیپ خشک تر کھجلی کو نافع ہی۔ (غیر سمی) |
| تتلی کے تخم | ۰ | بزر السداب | سیاہ | قدرے تلخ | تتلی گھاس کے تخم کہ تین چار کے مین ہوتے ہین | گرم خشک | دردسر کو پیلا کرنے اور بینائی کو کم کرتے ہین | کتیرا و بادام | برگ سداب | ۷ ماشہ | اسکے ہمراہ اسکا پینا کابوس یعنی غنودگی مین آدمی کا بکنے کو اور مرگی اور جنون اور ریاحی جنون کو نافع ہے اور معدہ کی سردی اور ریحی قولنج کو مفید ہے اور بینائی کو قوت بخشتا ہے۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | نام فارسی | نام عربی | نام انگریزی | مزاج | ماہیت | طبیعت | مقدار | مصلح | مبدل | افعال وخواص | نام سنسکرت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۱۵ تلی جنگلی | - | سداب بری | خوب سبز | تلخ | یہ بھی ایک گیاہ ہے بالکل مشابہ تلی کے | گرم خشک ۴ | قاتل ہے | قے کرتا | زہر | طرف اسکا مکانات مین رکھنا حشرات الارض اور ہوام سے محفوظ رکھتا ہے اور اگر اسکی پتی کا رانگ لوہے کے اوزار مین لگا دین تو رنگ نہین لگتا ہے الا اسکے درخت کی چھال کا لیپ ہمراہ شراب کے گیہنج کو مفید ہے۔ (سم قاتل) | . |
| ۲۱۶ تج | تج | قرفہ و سلیخہ | قدرے سرخ و غبار آلود | قدرے شیرین و تیز | ایک درخت کی چھال ہے ونزد بعضے دارچینی کی چھال ہے | گرم ۱ خشک ۲ | کردہ و آنتون کو | کتیرا و پیتپاپڑہ | | طافت بخشتا ہے اور گرمی پیدا کرتا ہے اور مادہ کو پختہ کرتا ہے اور سردی کے ریاح اور رسوبون کو تحلیل کرتا ہے اور اعضاے رئیسہ یعنی دل ودماغ وانثیین کو قوت بخشتا ہے اور غلیظ اخلاط کو چھیلتا ہے اور پیشاب لاتا ہے اور بینائی کو جلا دیتا ہے اور نزلہ و زکام کو دفع کرتا ہے اور دھانس اور کھانسی کو مفید اور سرکے کے ہمراہ اسکا لیپ مونکھ کو تحلیل کرتا ہے اور بلغم کو معدے کے منہ سے چھانٹتا ہے۔ (غیر سمی) | |
| ۲۱۷ تخم بلسان بلسان | تخم بلسان | حب بلسان | سیاہ | تلخ | بلسان کو بیج ہین بقدر مرچ سیاہ کے | گرم خشک ۲ | شانہ کو | کتیرا | عبوبلان و بیخ بلسان | معدہ اور قوت ہاضمہ کو قوی کرتا ہے اور معدہ و آنتون کی سردی و تری کو دفع کرتا اور خشک کرتا ہے اور ریاح اور نفخ کو تحلیل کرتا ہے اور جگر کا سدہ کھولتا ہے اور کالون کے بھنبھنانے اور جلبلاہٹ اور عرق النسا کو اور اکثر امراض دماغی وسوداوی کو مفید ہے۔ (غیر سمی) | |
| ۲۱۸ ترنجبوز ہندوانہ | ہندوانہ | بطیخ ہندی | سبز سیاہی مائل و بیچ سرخ و سیاہ | شیرین | انک پھل مشہور ہے | سرد تر ۲ | معدہ و طحال اور سر کو | شہد و قند | . | گرمی و تیزی صفرا و خون کو اور پیاس کو تسکین دیتا ہے اور پیشاب جاری کرتا ہے اور خون پتلا پیدا کرتا ہے اور بلغم پیدا کرتا ہے اور گرمی کے بخار کو نفع کرتا ہے اور سکنجبین کے ہمراہ یرقان یعنی کالوز کو نافع ہے اور اسکا پانی گرم مزاج والونکو فرحت دیتا ہے الا نفاخ اور دیر ہضم ہے اور جس روز ترنجبوز کھاوے حاذق ہرگز نہ کھاوے۔ (غیر سمی) | . |

| نمبر شمار | نام | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | مقدار خوراک | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۱۶ ترنبوز کے بیج | تخم ہندوانہ | تبرالبطیخ اندی | سرخ و سیاہ | پھیکا وقدرے شیرین | مشہور ہے | سرد تر ۲ | سردمزاج والون کو | شہد | تخم کدو | ۵ ماشہ تا ۱ تولہ | اُکھڑے ہوئے سواد کو ساکن کرتا ہے اور بدن کو فربہ کرتا ہے اور سینہ کی گھبراہٹ اور گرمی کی کھانسی اور پیاس کو دفع کرتا ہے اور گرمی کے بخاروں اور پیشاب کی سوزش کو مفید ہے اور گردہ و مثانہ کی پتھری کو نکالتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۲۱۷ ترمزاہ | تخم ترہ تیزک | جرجیر | چند قسم کے بعضے سفید بعضے زرد | تیز | ایک درخت ہے جسکے بیج سرسوں کی مثل کے برابر ہوتے ہیں اور یہ چند قسم کا ہوتا ہے | گرم ۳ خشک ۲ | دردسر پیدا کرتا ہے اور دنبالہ لاتا ہے | کاسنی و خرفہ | توری | ۱ ماشہ | جگر کا سدہ کھولتا ہے اور طحال کا سدہ بھی کھولتا ہے اور یرقان و دودہ پیدا کرتا ہے اور ریاح غلیظ ہو اور باہ کو حرکت مین لاتا ہے اور جلا کرتا ہے اور پیشاب لاتا ہے۔ اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۲۱۸ ترمزاکے بیج | تخم ترہ تیزک | نزرالبنج | سفید مائل بسرخی | تلخ | ایک قسم کے بیج ہین ریزہ ریزہ برابر جب ارشاد کے | گرم خشک ۲ | جذام یعنی کوڑہ پیدا کرتا ہے | کتیرا اور دودہ | بیدانہ تخم و توری | ۱ ماشہ | باہ زیادہ کرتے ہین اور ایستادگی لاتے ہین اور جسم کو فربہ کرتے ہین اور بلغم کو براہ قے نکالتے ہین اور پیشاب اور دودہ جاری کرتے ہین اور ریاح کو تحلیل کرتے ہین اور اخلاط سیاہ داغ اور چہرے کی کدورت و سیاہی کو اور داد کو نافع ہے۔ (غیر سمی) |
| ۲۱۹ | | | سفید زردی مائل | | ایک درخت مثل جوا سادہ وغیرہ پر کی شبنم ہو کر اسکے اوپر جم جاتی ہو اور مزہ شیرین پیدا کرتی ہے | گرم ترا | طحال و مزاج والے کو | خیار تمر ہندی | شیر خشت و شکر سرخ | ۳ تولہ تا ۵ تولہ | طبیعت کو نرم کرتی ہے اور کھانسی کو بھی نرم کرتی اور نفع بخشتی ہے اور مادہ صفراوی کو نرمی براہ دست نکالتی ہے اور اخلاط کو حرکت مین لاتی ہے اور سینہ کے درد اور تپش اور گرمی کے بخارون کو مفید ہے اور جلا کرتی ہے اور تینون خلطون کو نکالتی ہے۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | نام بنگالی | نام عربی | نام انگریزی | ماہیت | طبیعت | مزاج | مقدار خوراک | طریق استعمال | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۲۵ | ۔ | اسارون | زردوی مائل | ایک قسم کی جڑی ہے مشہور ہے | گرم خشک ۲ | تلخ و تیز بو | سونگھنے | خوراکی و سونگھنے | لطافت کرتا ہے اور گرمی بڑھاتا ہے اور بلغم اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور دماغ و معدہ و جگر و پھیپھڑوں و طحال وغیرہ کو قوت بخشتا ہے اور مادہ صفراوی و بلغمی کو براہ دست نکالتا ہے اور پرانے سر درد پرانے بخاروں کو دفع کرتا ہے اور پیشاب و حیض کو جاری کرتا ہے (غیر سمی) |
| ۲۲۶ تلسی زنبو | شالنچہ مرزنجوش | نیزبوی زردی | نیزبوی تیزبو | ایک درخت ہے اقسام ایک سا ریک خوشبودار اور خوشنما | گرم ۱ خشک ۲ | تلخ و تیز بو | دماغ کو | دماغی و کلابہ | دماغ کا سدہ کھولتی ہے اور بلغم اور ریاح کو تحلیل کرتی ہے اور ریاح کو دفع کرتی ہے اور حفقان و ضعف معدہ کو دفع کرتی ہے اور فساد غلیظ خون کو دور کرتی ہے اور اسکا گھر میں رکھنا حشرات الارض خصوصاً کھٹمل و جوں کو دفع کرتی ہے اور وبائی ہوا سے بھی حفاظت کرتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۲۲۷ تلسی مچ | ریحان الرجال | تخم بزر ریحان | سیاہ | پھیکا و لعابدار | مشہور ہے | گرم خشک ۱ | دماغ کو | کلاب و مزنجوش | ہیضہ کے لئے عجیب نفع رکھتی ہے ہمراہ شکر کے اور خشک وہاں اور کھانسی اور سینہ کے کھرکھرانے کو بہت نافع ہے اور منی کو گاڑھا کرتی ہے۔ (غیر سمی) |
| ۲۲۸ تلسی جنگلی | ریحان دشتی | ریحان البری | سبز | تیز تلخ و تیز بو | یہ ایک قسم کی تلسی ہی کا ہے ہمرا برابر مثل تلسی کے | گرم خشک ۲ | ۔ | ۔ | ورموں کو تحلیل کرتی ہے خاصکر بلغمی ورموں کو اور سردی کے امراض کو اکثر مفید ہے اور اسکی چائے کا رانگ کان میں چھوڑنے سے دانت کیڑے مرکر نکل پڑتے ہیں یہ ایک خاص خاصیت اس میں ہے (غیر سمی) |
| ۲۲۹ تل | کنجد | سمسم | سیاہ و سفید | پھیکا و چکنا | ایک قسم کا دانہ ہے غلہ کا مشہور | گرم تر ۱ | دیر ہضم اور درد سر لاتا ہے | بریان کرنا اور شہد | تصالح الکیموس ہے الا فلیل الغذا ہے اور سدہ یعنے بلغم کھولتا ہے اور خود بدولت اس کے سدہ پیدا کرتا ہے اور بدن کو فربہ کرتا ہے اور آواز اور حلق کے کھرکھرانے کو نرم کرتا ہے اور رباہ کو قوت بخشتا ہے اور ورموں کو تحلیل کرتا ہے اور دودھ دہنی زائد پیدا کرتا ہے اور حیض جاری کرتا ہے اور جلد کو نرم کرتا اور سیاہی کے نشان مٹاتا ہے اور اسکی پول انکھ کے ناخونہ کو [illegible] |

| نمبر شمار | فارسی | عربی | رنگ | ذائقہ | طبیعت | ماہیت | مضر | مصلح | بدل | مقدار خوراک | افعال و خواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۲۸ تماکو | تنباکو | تتن و تنباک | سبز و سرخ | تیز و کرخت بو | گرم خشک ۳ | ایک درخت ہے جسکے پتے مشہور ہین۔ | گرم مزاج والونکو اور دل و دماغ | تازہ دودہ | . | . | خشکی لاتا ہے اور پیاس لاتا ہے اور دماغ کی رطوبت کو پاک کرتا ہے اور بلغمی و بالنس و تر کھانسی و دمے کو اور دماغی نزلون کو دفع کرتا ہے اور اسکا دھوان دبائی ہوا کی فساد کو دفع کرتا ہے اور اسکا کھانا و پینا ریاح اور بلغم کو تحلیل کرتا ہے اور چھانٹتا ہے اور اسکا سنبر بتا و رمون کو خصوصاً و رم انثیین کو تحلیل کرتا ہے۔ (غیر سمی) |
| ۲۲۹ تین | . | . | زرد | تلخ | سرد ۱ | ایک درخت ہے جسکے پھول نرم کہپونکو شل ہوتے ہین اور رنگنے مین کام آتا ہے۔ | . | . | . | . | بہت قابض ہے اور باہ لاتا ہے اور پھوڑے پھنسی اور اکثر امراض جلدی کو مفید ہے۔ (غیر سمی) |
| ۲۳۰ | بیخ خطمی | خبازی | صندلی مائل بزردی | تلخ | مرکب القوے | جھینی خنک کے پتون کی ٹکیان سرکہ مین بنی ہوئی ہین | کثیرا پھیپھڑے کو | جلدا | ۲ ماشہ | | ورم کے مادہ کو پختہ کرتی اور تحلیل کرتی ہے اور گرمی و سردی کے ورمون کو تحلیل کرتی ہے اور قابض ہے اور دوسر کو نافع ہے اور خون بہنے کو بند کرتی ہے اور اسکی باریک پٹی زخم چشم و ذکر کو مفید ہے۔ (غیر سمی) |
| ۲۳۱ توتیا | دودیا | طوطیا | زنگاری | تیز با شوریت | گرم خشک ۴ | ایک معدنی جسم ہے کہ معدنی بھی ہوتا ہے اور مصنوعی بھی | قولنج ماہی اور اگر بہم ہوجاے تو قاتل | شہد و بریان کرنا | نیلا تونہہ و شاذنج | ۲ ماشہ | گوشت کو کاٹتا اور کھا جاتا ہے اور نہایت خشکی کرتا ہے الا زخمون کو جلا دیتا اور مواد سے پاک کرتا ہے اور آنکھون کے جالا کاٹنے مین عجیب الاثر ہے اور تحلیل کیا ہوا زخم مشانہ کو دفع کرتا ہے۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | نام | عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | مقدار خوراک | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۳۱ | توت میٹھا | توت شیریں | سفید و سیاہ | شیریں | ایک پھل ہے لانبا برابر اگتا ہے مشہور | گرم ۱ تر ۲ | سعدہ کو اور درد سر لاتا ہے | شہد | . | . | اچھا خون پیدا کرتا ہے اور سدہ کو کھولتا ہے اور جگر و طحال کی اصلاح کرتا ہے اور چشم کو فربہ کرتا ہے اور باہ لاتا ہے اور گردہ کی چربی کو قوت دیتا ہے اور زبان و حلق پر مواد گرنے نہیں دیتا اور اسکا شربت گلے کے درد کو نافع ہے اور اسکے پتوں کا جوشاندہ کا غرغرہ گلے کے درد و خناق کو مفید ہے اور اسکی کلی دانتوں و مسوڑوں کے درد کو مفید ہے۔ (غیر سمی) |
| ۲۳۲ | توت کھٹا | توت ترش شامی | سفید و سیاہ | ترش | مشہور ہے | سرد ۲ خشک ۱ | سینہ | شہد | آلو بخارا | . | پیاس کو تسکین دیتا ہے اور جوش خون کو بھی تسکین دیتا ہے اور انجرہ دماغ کو ضرر نہیں دیتا ہے اور اسکا شربت نزلہ کو بہت مفید ہے۔ (غیر سمی) |
| ۲۳۳ | توتری سفید | توت ابیض | سفید | قدرے تلخ | ایک قسم کے بیج ہیں مسور سے چھوٹے اور سنبل سے چھوٹے | گرم ترا | اعضا کو | زرشک | بہمن سفید | ۳ ماشہ | جسم کو فربہ کرتی ہے اور دردوں کو تحلیل کرتی ہے اور منی کو گاڑھا کرتی ہے اور باہ زیادہ کرتی ہے اور بھوک بڑھاتی ہے اور اسکی چٹنی ہمراہ شہد کے اسہال اخلاط کو چھانٹتی ہے (غیر سمی) |
| ۲۳۴ | توتری سرخ | توت احمر | سرخ | تلخ | یہ بھی شکل توتری سفید کے ہے | گرم ترا | اعضا کو | زرشک | بہمن سرخ | ۳ ماشہ | بھوک زیادہ کرتی ہے اور باہ لاتی ہے اور دردوں کی استادگی زیادہ لاتی ہے اور جسم کو فربہ کرتی ہے اور سدہ کھولتی ہے اور آواز کو جلا دیتی و صاف کرتی ہے اور دردوں کو تحلیل کرتی ہے۔ (غیر سمی) |
| ۲۳۵ | توتری | . | سبز | پھیکی و تلخ | ایک پھل ہے لانبا مثل کھیرے کے تیغ فتیم کا لڑتی سا ہوتا ہے | سرد تر ۲ بارطوبت اسدار | اسفاخ سے | گوشت اور مونجھ | چھینٹا | . | طبیعت کو نرم کرتی ہے اور مزاج کی گرمی کو دفع کرتی ہے اور کچے بلغم کو پختہ کرتی ہے اور بدن کی زردی کو دور کرتی ہے اور جلندر اور طحال کے ورم کو مفید ہے اور اکثر اعضا کو قوت بخشتی ہے اور اسکا پھل سرد و خشک ہے اور تینوں خلطوں صفرا و سودا و بلغم کے فساد کو کھوتی ہے۔ (غیر سمی) |

| نمبر شمار | نام ہندی | نام عربی | رنگ | ذائقہ | ماہیت | طبیعت | مقدار | طریق استعمال | عمل | افعال وخواص |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۳۷ توتیڑی دلوتونبہ | کدوے تلخ | قرع المر | سبز وزرد | تلخ | ایک بیل بڑا وگول ہی قسم لوکی سے | گرم خشک ۳ | معدہ | قے کرنا اور روغن پینا | ۔ | اسکو کھاکے قے کرنا دے اور پرانی کھانسی کو مفید ہے اور اسکا سونگھنا یرقان کو نافع ہے اور اسکا منجن دانتوں کو مضبوط کرتا ہے اور درد کو کھوتا ہے اور اسکی جیکا لیپ ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ (قریب بسم) |
| ۴۸۶ | رازیانج | مریخ |
| ۴۲۲ | راوند | مشتری |
| ۵۳۰ | رب السوس | 〃 |
| ۳۷۹ | رصاص الابیض | مریخ |
| ۴۹۷ | رصاص الاسود | 〃 |
| ۶۳۶ | رطب هندی | قمر |
| ۵۴ | رمان الحامو | 〃 |
| ۵۴ | رمان الحامض | 〃 |
| ۵۵ | رمان میخوش | 〃 |
| ۹۸ | رمل | مشتری |
| ۸۲۴ | روبیان | قمر |
| ۲۷۸ | روح البیض | 〃 |
| ۲۰۹ | روسختج | 〃 |
| ۴۲۱ | ریباس | زحل |

| نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی |
|---|---|---|
| ۲۲۶ | ریحان البری | مریخ |
| ۳۲۲ | ریشهٔ خشخاش | 〃 |
| | **باب الزاء** | |
| ۱۹۳ | زاج ابیض | مریخ |
| ۶۰۹ | زاج اصفر | 〃 |
| ۹۲۵ | زاج اخضر | 〃 |
| ۸۴۱ | زبد | 〃 |
| ۴۰۴ | زبد البحر | قمر و زحل |
| ۸۵۰ | زبیب | زحل |
| ۵۶۲ | زجاج 〃 | شمس |
| ۴۲۳ | زراند طویل | مشتری |
| ۴۲۴ | زراوند مدحرج | 〃 |
| ۱۱۶ | زرنب | شمس |
| ۵۷۵ | زرنباد و عرق الکافور | 〃 |
| ۸۷۶ | زرنیخ احمر | 〃 |
| ۹۱۷ | زرنیخ اصفر | 〃 |
| ۶۷۴ | زرورد | قمر |
| ۶۵۱ | زعفران و کرکم | مریخ |
| ۴۲۶ | زفت رطب | مشتری |
| ۲۳۸ | زقوم حجازی | مریخ |
| ۴۹۹ | زقوم شامی | 〃 |
| ۱۷۲ | زمرد | عطارد و زهره |
| ۱۸ | زنجبیل | مریخ |
| ۳۷۶ | زنجبیل شامی | 〃 |
| ۴۰۵ | زنجبیل رومی | 〃 |

| نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی |
|---|---|---|
| ۴۸۲ | زنبق | قمر |
| ۴۲۹ | زنجار | مریخ |
| ۷۷ | زنجفر | 〃 |
| ۴۳۰ | زوفای یابس | 〃 |
| ۶۶۳ | زهرهٔ لسان الثور | قمر |
| ۵۲۶ | زهرهٔ عباسی | 〃 |
| ۱۵۹ | زیبق | شمس |
| ۴۳۲ | زیتون | زحل |
| | **باب السین** | |
| ۴۳۷ | ساج | عطارد |
| ۲۴۰ | ساذج هندی | زحل و مشتری |
| ۵۲۲ | ساسم | مشتری |
| ۱۵۴ | سدر و بنق | زحل |
| ۲۱۳ | سداب | زحل و مریخ |
| ۶۵۰ | سرخس | 〃 〃 |
| ۶۵۲ | سرطان نهری | قمر |
| ۲۵۴ | سطراطیوطس | 〃 |
| ۸۸۷ | سعدکوفی | زحل |
| ۱۴۹ | سفرجل | 〃 |
| ۸۰۱ | سفستان و دبق | مشتری |
| ۴۵۷ | سقمونیا و محمودة | مریخ |
| ۵۱۳ | سکر ابیض | مشتری |
| ۶۲۴ | سکبنج | مریخ |
| ۴۳۸ | سلخ الحیه | شمس |
| ۴۴۶ | سلطان الاشجار | زحل |

| نمبر شمار | نام عربی و دوا | نسبت نجومی |
|---|---|---|
| ۲۸۱ | سلق | مشتری |
| ۲۱۲ | سماق | زحل |
| ۹۹ | سمرة - وامغیلان | ″ |
| ۳۴۵ | سمسم | مشتری |
| ۴۶۹ | سم الفار وقرون ایل | مریخ |
| ۲۶۰ | سمک الردیان | قمر |
| ۵۱۲ | سمک السمک و ماهیزهرج | مشتری |
| ۵۲۶ | سمک الرمل و سمک الصیدا | زحل |
| ۷۷۳ | سمن | قمر |
| ۸۹۸ | سنبادج | عطارد |
| ۸۶۹ | سنارکی | زحل |
| ۸۸۲ | سنبل رومی | شمس |
| ۹۲ | سنبل هندی | ″ |
| ۲۹۲ | سیندروس | زحل |
| ۴۷۸ | سورنجان الحلو | مشتری |
| ۴۷۹ | سورنجان المر | ″ |
| ۴۰۰ | سوسن و آسمان جون | زحل |
| ۳۴۵ | سوسنبد | ″ |

## باب الشین

| | | |
|---|---|---|
| ۵۰۵ | شاذنج وحجرالدم | مریخ |
| ۲۰۰ | شاهل | مشتری |
| ۴۳۹ | شاماخ | زحل |
| ۱۷۷ | شاهترج | مشتری |
| ۲۴۴ | شاه سفرم | زحل |
| ۲۳۰ | شاه سپینی | ″ |
| ۵۰۷ | شاه پسند - ف | شمس |
| ۴۸۸ | شبث | ″ |
| ۲۵۱ | شبه | مریخ |
| ۱۹۳ | شب یمانی | زحل |
| ۵۰۸ | شبرم | مریخ |
| ۴۲۵ | شبوط | زهره |
| ۳۷۱ | شجرة الیمن | مریخ |
| ۲۷۷ | شحم | قمر |
| ۹۷ | شعر | زحل |
| ۲۶۱ | شعیر | قمر |
| ۲۶۲ | شعیر الجربان | ″ |
| ۹۳۰ | شعیر الجن و شعیر الارض و شعیر الجبال و شقاقل نعمان | مریخ |
| ۷۸۵ | | ″ |
| ۵۱۱ | شکاعی | ″ |
| ۵۱۲ | شکر تیغال - ف | مشتری |
| ۵۱۵ | شلجم | ″ |
| ۵۸۲ | شمام | زحل |
| ۶۶۳ | شمع | قمر |
| ۷۰ | شوکة الجمل | مریخ |
| ۸۴ | شوکة البیضا | ″ |
| ۵۱۹ | شوکران | زحل |
| ۳۴۱ | شیخ | ″ |
| ۵۲۱ | شیرخشت - ف | قمر |
| ۳۱۲ | شیطرج هندی | مریخ |

| نمبر شمار | نام عربی و دوا | نسبت نجومی |
|---|---|---|
| ۵۵۱ | شیلم | شمس |

## باب الصاد

| | | |
|---|---|---|
| ۵۲۳ | صابون | مریخ |
| ۷۳ | صبر سقوطری | شمس |
| ۹۱۳ | صحناة | زحل |
| ۴۵۵ | صدف | زهره |
| ۴۳۶ | صعتر | زحل |
| ۱۰۰ | صمغ عربی | مشتری |
| ۲۹۴ | صندل ابیض | زحل |
| ۲۹۵ | صندل احمر | ″ |
| ۵۲۴ | صنوبر | ″ |

## باب الضاد

| | | |
|---|---|---|
| ۴۹۱ | ضرد | شمس |
| ۲۴۸ | ضبان | ″ |

## باب الطاء

| | | |
|---|---|---|
| ۱۰۷ | طار | زحل |
| ۷۲ | طراثیث دب الارض | ″ |
| ۵۲۵ | طالیسفر | ″ |
| ۵۲۷ | طالیقون | ″ |
| ۱۰۶ | طباشیر | ″ |
| ۵۷۰ | طحلب | قمر |
| ۵۵۲ | طرخشقوق هندبادبزک | زحل |
| ۱۱ | طلق | مریخ |
| ۲۳۱ | طوطیا | ″ |
| ۸۱۸ | طین الابیض | ″ |

| نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی |
|---|---|---|
| ۶۱۶ | طین داغستانی | زحل |
| ۸۱۷ | طین الخازمی | 〃 |
| ۱۸۴ | طین مختوم | 〃 |
| ۱۰۵ | طین مغربی احمر | 〃 |
| ۶۱۰ | طین ارمنی و خراسانی | 〃 |
| | **باب الظاء** | |
| ۲۳۰ | ظلف | زحل |
| | **باب العین** | |
| ۳۴۰ | عاج | زحل |
| ۴۰ | عاقرقرحا | مریخ |
| ۸۳۳ | عابسس | زحل |
| ۶۲۵ | عهیه - وهی قرة العائل | 〃 |
| ۴۵ | عرعر | عطارد |
| ۶۲۴ | عرق الجبال و حافظ الاجساد | شمس |
| ۹۲۶ | عرق الصفر | 〃 |
| ۴۵۴ | عری | مریخ |
| ۴۵۸ | عری السک | 〃 |
| ۲۰۵ | عسل | قمر مشتری زهره |
| ۵۲۰ | عشبة مغربیه | زحل |
| ۳۴۴ | عشب وآسب | 〃 |
| ۳ | عشنه | 〃 |
| ۵۲۹ | عصاره ریون | شمس |
| ۳۸۶ | عصاره قصب السکر | مشتری |
| ۴۸۴ | عصی الراعی | زحل |
| ۸۰۶ | عنصل | زحل |
| ۱۰۹ | عقرب | مریخ |
| ۵۳۱ | عتیق | زهره |
| ۶۶۹ | علک البلم | زحل |
| ۵۳۰ | عناب | 〃 |
| ۶۰ | عنب بحصرم | زحل |
| ۸۲۵ | عنب الثعلب | 〃 |
| ۵۳۳ | عنبر اشهب | شمس |
| ۵۷۱ | عود الورق و دارشیشعان | مشتری شمس |
| ۲۹۷ | عود بلسان | 〃 |
| ۵۳۵ | عود صلیب نادانیه | قمر |
| ۴۱ | عود عنزقی | شمس |
| ۷۷۲ | عین الدیک | زحل |
| | **باب الغین** | |
| ۵۳۶ | غار | مشتری |
| ۵۳۰ | غاریقون | شمس |
| ۵۳۸ | غافث | مریخ |
| ۵۳۹ | غالیون | 〃 |
| ۶۶۹ | غبار الرحی | زحل |
| ۲۶۷ | غبیرا | 〃 |
| ۵۰۲ | غلاف البول | 〃 |
| ۵۰۳ | غول | 〃 |
| | **باب الفاء** | |
| ۴۳۱ | فاذزهر سعدنی | 〃 |

| نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی |
|---|---|---|
| ۲۸۸ | فاغره | زحل |
| ۵۷۸ | فاغزه | 〃 |
| ۱۹۲ | فالسه | قمر |
| ۶۷۰ | فانیذ | مشتری |
| ۱۶۴ | فان | 〃 |
| ۸۶۱ | فنجل | مریخ |
| ۶۰۸ | فراسیون و عاقما | شمس |
| ۳۷۸ | فرنجمشک | زحل و مریخ |
| ۷۹۲ | فریقا | مشتری |
| ۶۴۸ | فسافس | مریخ |
| ۱۷۴ | فستق | مشتری |
| ۵۹۴ | فطراسالیون | 〃 |
| ۲۷۰ | فضه | 〃 |
| ۲۵۳ | فلفل المار | مریخ |
| ۸۲۹ | فلفل السوداء | 〃 |
| ۸۳۰ | فلفل احمر | 〃 |
| ۵۱ | فلوس خیارشنبر | مشتری |
| ۱۰۵ | فوتنج | مریخ |
| ۱۰۶ | فوتنج جبلی | 〃 |
| ۲۸۲ | فوفل رطب | زحل |
| ۸۴۰ | فوفل هندی | 〃 |
| ۸۲۸ | فوه وعرق الصباغین | مشتری |
| ۵۴۲ | فیرورج | زحل |
| | **باب القاف** | |
| ۸۱۲ | قائم بالذات | 〃 |

| نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی | نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی | نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۴۴ | قافلہ صغار | مشتری و شمس | ۲۷۶ | قصب الزیرہ | شمس | ۹۰۰ | کرنب الماء | مشتری |
| ۴۵ | قافلہ کبار | 〃 〃 | ۷۱ | قصب السکر | مشتری | ۳۶۰ | کزبرہ | زحل |
| ۱۸۰ | قالصہ | 〃 | ۴۹۶ | قصب | زحل | ۳۴۳ | کسالی | 〃 |
| ۶۱۲ | قثاء | مشتری | ۲۷۷ | قصب | 〃 | ۳۰۶ | کاس الوزہ | مریخ |
| ۱۰۵ | قثاء الحمار | 〃 | ۲۲۶ | قطران | 〃 | ۱۱۰ | کرنب جبلی | مشتری |
| ۱۰۳ | قثاء الحمار | شمس | ۲۰ | قاقلیا | 〃 | ۱۱۱ | کرنب بستانی | 〃 |
| ۶۴۱ | قشہ | 〃 | ۴۶۲ | قلب الاصفر و شب | 〃 | ۴۳۶ | کوز النابین | مریخ |
| ۵۴۴ | قلم | مشتری | ۱۳۶ | قلب دودق | 〃 | ۴۳۵ | کوز النابین | 〃 |
| ۸ | قراصیا | 〃 | | الجبال | 〃 | ۵۶۰ | کوز رومی | 〃 |
| ۳۲۷ | قرع المر | قمر و مریخ | ۶۶۰ | قلب بری | 〃 | ۱۵ | کوز شوکی | 〃 |
| ۲۱۶ | قرفہ - وسلیخہ | مریخ | ۶۹۱ | قنطہ | 〃 | ۴۸ | کمثری | قمر |
| ۵۵۴ | قرطاس | عطارد | ۶۳۰ | قنبیل | مریخ | ۶۲۱ | کوز فکر | مریخ |
| ۵۰۰ | قرن ولغاج | مریخ | ۵۲۶ | قنطریون کبیر | مشتری | ۵۰۵ | کوز مشمش و | 〃 |
| ۸۲۸ | قرن البحر و مصباح الزوا | 〃 | ۵۲۹ | قنطریون صغیر | 〃 | ۶۲۶ | کوز العطاس | |
| ۶۹۴ | قرنفل | 〃 | ۶۸۹ | قنہ | زحل | باب الملاھم | | |
| ۵۴۵ | قرمانا | مشتری | ۳۷۷ | قیر و قیر | 〃 | ۵۷۶ | لادنہ | شمس |
| ۲۳ | قز | عطارد | باب الکاف | | | ۷۰۰ | لاذن | مریخ |
| ۶۳۲ | قسط المر | مشتری | ۵۷۸ | کاذی ہندی | زحل | ۷۷۹ | لازورد | عطارد |
| ۶۳۳ | قسط الحلو | 〃 | ۵۵۳ | کاشم | مریخ | ۷۸۱ | لاغیہ | مریخ |
| ۱۰۷ | قشر الاترج | قمر و زہرہ | ۱۵۳ | کافشہ | 〃 | ۲۱۴ | لبا | زہرہ |
| ۵۷ | قشر الرمان | 〃 | ۵۷۴ | کافور | زحل | ۵۲۰ | لباب | زحل |
| ۱۸۰ | قشر الخشخاش | قمر و مریخ | ۵۵۸ | کاکنج | مشتری | ۵۴۰ | لبن بقیح و | مشتری |
| ۱۷۵ | قشر الفستق | مشتری | ۶۹۰ | کبریت | مریخ | | حافظ الاطفال | |
| ۶۱۰ | قثمش | 〃 | ۵۰۳ | کشیرا | مشتری | ۳۲ | لبن الخشخاش و افیون | مریخ |
| ۹۲ | قصب | زحل | ۲۰۶ | کراث | 〃 | ۳۵۲ | لبن الاسد | 〃 |

| نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی | نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی | نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۳۴۳ | لبن الاتان | قمر | ۷۵۴ | لحم النساح | مریخ | ۷۲۶ | لحم السنجاب ف | زحل |
| ۳۵۴ | لبن البقر | 〃 | ۷۴۷ | لحم الثعلب | زحل | ۷۰۵ | لحم السنور | مریخ |
| ۳۴۸ | لبن الجاموس | 〃 | ۷۰۸ | لحم الجاموش | مریخ | ۷۰۷ | لحم الشاہین ف | 〃 |
| ۳۷۰ | لبن الحامض | 〃 | ۷۱۱ | لحم جراد البر | زحل | ۷۴۴ | لحم الشقراق | زحل |
| ۳۵۷ | لبن الحمار الوحش | 〃 | ۶۹۳ | لحم الخفاش ف | مریخ | ۷۵۰ | لحم الصفراعون و الصعوہ | 〃 |
| ۳۵۰ | لبن الخفاش | شمس | ۷۱۷ | لحم الحجل | 〃 | | | |
| ۳۵۱ | لبن الخنزیر | زحل | ۷۳۶ | لحم الحمار الاہلی | قمر | ۷۰۹ | لحم الضان | مشتری |
| ۳۵۶ | لبن الرماک | 〃 | ۷۳۹ | لحم الحمار الوحش | 〃 | ۷۴۱ | لحم الضب | مریخ |
| ۳۴۹ | لبن الضان | قمر | ۷۳۳ | لحم الحمام | شمس | ۶۹۸ | لحم الضبع و عرجا | 〃 |
| ۳۵۰ | لبن الغزال | 〃 | ۷۲۳ | لحم الحیہ | 〃 | | | |
| ۳۴۶ | لبن اللقاح | زحل | ۷۲۷ | لحم الخنزیر | زحل | ۷۵۱ | لحم الطاؤس | 〃 |
| ۳۴۷ | لبن الماعز | 〃 | ۶۹۲ | لحم الخطاف | مریخ | ۷۶۲ | لحم الظبی - والغزال | زحل |
| ۳۵۳ | لبن النساء | قمر | ۷۱۰ | لحم الخفاش | شمس | ۷۱۴ | لحم العصفور | 〃 |
| ۶۹۴ | لحم الابل وجمل | زحل | ۹۲۲ | لحم الدب | 〃 | ۷۵۲ | لحم العقعق وعکہ | 〃 |
| ۷۲۹ | لحم الاسد | مریخ | ۹۴۹ | لحم الدجاج والدیک | مشتری | ۷۰۴ | لحم العنادلیب و عادل | 〃 |
| ۶۹۵ | لحم الایل | 〃 | | | | | | |
| ۷۲۰ | لحم الازنب البری | مشتری | ۷۱۲ | لحم الدراج | 〃 | ۷۵۳ | لحم الغراب الاسود | مریخ |
| ۷۵۰ | لحم ابن عرس | مریخ | ۷۱۰ | لحم الذئب | مریخ | | | |
| ۷۴۰ | لحم الاذرد وطیر الماء | قمر | ۷۶۳ | لحم الرئمان | زحل | ۶۹۰ | لحم الفاختہ وسطوخہ | مشتری |
| ۲۹۶ | لحم البازی | زحل | ۷۶۱ | لحم الزرجمہ | 〃 | | | |
| ۷۳۰ | لحم البغا | 〃 | ۷۲۸ | لحم الزرافہ | 〃 | ۷۲۴ | لحم الفقنہ | مریخ |
| ۷۰۱ | لحم البط | قمر | ۷۵۶ | لحم سنبرک | 〃 | ۷۴۲ | لحم الفرس | زحل |
| ۷۱۹ | لحم البغل | مشتری | ۷۳۵ | لحم السلحفات | مشتری | ۷۵۹ | لحم الفیل | 〃 |
| ۷۳۲ | لحم البقر | مریخ | ۷۴۶ | لحم السلو | زحل | ۷۱۵ | لحم القبرو ابو الملیح | مشتری |
| ۷۵۵ | لحم البقر الوحش | 〃 | ۶۹۹ | لحم السمالی | 〃 | | | |

| نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی |
|---|---|---|
| ۷۰۶ | لحم القرده | مریخ |
| ۷۳۱ | لحم القمری | زحل |
| ۷۳۱ | لحم الکبش | 〃 |
| ۷۳۸ | لحم الکرکی | 〃 |
| ۷۳۴ | لحم الکلب | 〃 |
| ۷۴۵ | لحم اللق لق | مشتری |
| ۷۰۲ | لحم الماغر | 〃 |
| ۷۰۳ | لحم المالک البحرین وسفسین بری | 〃 |
| ۷۴۳ | لحم المرمیس | زحل |
| ۷۱۶ | لحم النخام ونخافه | مریخ |
| ۷۳۷ | لحم النسر | 〃 |
| ۷۲۷ | لحم النعامه | زحل |
| ۷۱۳ | لحم النمر | 〃 |
| ۷۲۵ | لحم الوحل و بقر جبلی | 〃 |
| ۷۵۸ | لحم الواق واق | زحل |
| ۷۶۰ | لحم الهدهد | عطارد |
| ۷۳۷ | لحیته التیس | زحل |
| ۶۶۲ | لسان الثور | مشتری |
| ۸۷ | لسان الحمل | زحل |
| ۶۳ | لسان العصافیر | شمس |
| ۷۸۳ | لعل بدخشانی | 〃 |
| ۷۸۲ | لک | 〃 |
| ۸۵۵ | لولو ـ ومرواريد | قمر زحل |

| نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی |
|---|---|---|
| ۸۶۲ | نور الحلو | مشتری |
| ۸۶۳ | نور المر | 〃 |
| ۸۰۲ | لیمون حامض | زحل |
| ۸۰۳ | لیمون حلو | 〃 |

## باب المیم

| نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی |
|---|---|---|
| ۸۶۶ | ماش ومج | قمر |
| ۸۵۳ | ماش هندی | 〃 |
| ۲۸۴ | ماشا | 〃 |
| ۶۵۴ | مار الکاذی | مشتری |
| ۸۱۰ | مامیران صینی | عطارد |
| ۸۲۳ | مامیثا هرج | مریخ |
| ۹۲۵ | مازریون | 〃 |
| ۲۰۰ | محدبه | قمر |
| ۳۰۷ | محیص | مشتری |
| ۱۳۴ | مرکی | زحل |
| ۸۳۱ | مرداسنج | مریخ |
| ۸۶۷ | مرجان | مشتری |
| ۶۲۸ | مرو | زحل |
| ۳۵۹ | مرزنجوش | مریخ |
| ۲۱۰ | مرقشیشا | 〃 |
| ۱۸۷ | مستلجه | شمس |
| ۶۰۴ | مشک | زحل |
| ۶۲۷ | مشط العقول | 〃 |
| ۸۳۴ | مشکدانه | 〃 |
| ۸۳۵ | مشکطر اشیح | مریخ |

| نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی |
|---|---|---|
| ۸۳۴ | مشمش | قمر |
| ۸۴۴ | مشیمه دوابه | 〃 |
| ۸۳۷ | مصطگی و علک رومی | زحل |
| ۸۷۴ | مغاث دکلز | مشتری |
| ۷۶۶ | مقل ارزق | زحل |
| ۸۹۹ | ملح البقر | قمر |
| ۹۰۰ | ملح اندرانی | 〃 |
| ۹۰۱ | ملح الزجاج | 〃 |
| ۹۰۳ | ملح العجین | 〃 |
| ۴۶۶ | ملح المحیط | 〃 |
| ۹۰۲ | ملح الهندی | 〃 |
| ۴۲۰ | مو | زحل |
| ۶۵۳ | موزد طلح | |
| ۴۶۲ | میعه سائله | مریخ |

## باب النون

| نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی |
|---|---|---|
| ۸۷۸ | نارجیل | مشتری |
| ۸۷۹ | نارجیل بحری | 〃 |
| ۸۸۳ | ناسپاتی | قمر |
| ۸۳۶ | نبات النجلاب | مشتری |
| ۸۹۱ | نرجس و عبهر | زهره |
| ۲۰۰ | نحاس | زحل |

| نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی |
|---|---|---|
| ۳۱۷ | نخاع | مریخ |
| ۱۴۷ | نخالہ | زحل |
| ۸۳۸ | نسج العنکبوت | مریخ |
| ۸۹۳ | نشادر | قمر |
| ۳۶۰ | نطرون | 〃 |
| ۸۹۴ | لفظ | 〃 |
| ۸۹۷ | نام سبز | مریخ |
| ۹۰۵ | نوشادر | 〃 |
| ۹۰۶ | نیلج | زحل |
| ۹۱۲ | نیلوفر | مشتری |
| | **باب الواؤ** | |
| ۹۳۴ | وزغ وزہرہ | قمر |

| نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی |
|---|---|---|
| ۶۷۳ | وردِ احمر | مشتری |
| ۶۷۵ | وردِ بری | مشتری و زہرہ |
| ۹۱۴ | ورس | شمس |
| ۹۳۰ | وردِ الزراقی | قمر |
| ۳۶۰ | وردِ بیلہ | 〃 |
| ۲۴۱ | وردِ تیلہ | 〃 |
| ۵۰۴ | وردِ صینی و نسرین | مشتری |
| | **باب الہاء** | |
| ۵۸۵ | ہلیلون و عود الصبہ | مشتری |
| ۵۴۹ | ہندبا | قمر |

| نمبر شمار | نام عربی دوا | نسبت نجومی |
|---|---|---|
| ۹۳۳ | ہوفاریقون | مریخ و شمس |
| | **باب الیاء** | |
| ۱۹۳ | یاسمین | مشتری |
| ۹۰۷ | یاقوت کبود | شمس |
| ۹۳۷ | یاقوت احمر | 〃 |
| ۷۹۰ | یبروح الصنم فی اصل اللفاح البری | زحل |
| ۹۳۸ | یشب | شمس |
| ۸۹۱ | یقطین و قرع | قمر |

**تمت**

## خاتمہ

اسمین یہ بات بیان کی گئی ہے کہ بعض دوائیان اس طور مدبر اور اصلاح کیجاوین تو پُر اثر ہونگی۔ تو جاننا چاہیے کہ اکثر مفرد دوائیان ایسی ہین جنکی اصلاح اور تدبیر اگر نہ کیجاوے تو یا تو وہ فساد اور نقصان پیدا کرین یا اونکا کامل اثر جو بتحقیق لکھا گیا ہے نہ ظاہر ہو یا ساتھی اُس اثر مقررہ کے کسی اور عضو کو نقصان پہونچاوین یا بالکل بے اثر محض ہون لہذا اُن دواؤن مین سے بعض دواؤن کی تدبیر و اصلاح وغیرہ ضرور ہ اس خاتمہ مین ذکر کیجاتی ہے اور تدبیر بنانے مارالجبن کی بھی مذکور ہوگی انشاء اللہ تعالی

**فصل** - جاننا چاہیے کہ جن طریقون سے اُن تدبیر طلب دواؤن کی تدبیر و اصلاح کیجاتی ہے اُن طریقون کی اصطلاح اطبا مین چند عربی نام علیحدہ علیحدہ ہین اور ہمنے بھی اُن نامون کو اشارۃً آگے کی سطرون مین ذکر کیا ہے لہذا یہ ضروری معلوم ہوا کہ پہلے اُن نامون کے لغوی و اصطلاحی معنے بیان کردین تاکہ طالب کو ادراک مطالب مین آسانی ہو و باللہ التوفیق۔

**احراق** کے لغوی معنے جلانے کے ہین اور اصطلاح مین بھی بعض فلزی ادویہ کا مختلف طریقون سے جلا کر گشتہ یا راکھ بنانے کو کہتے ہین۔ **تکلیس** لغت مین مادہ اسکا کلس ہے

جسکے معنے خمیر جونہ کے ہین (یعنے چونہ بنالینا) اور اصطلاح مین سخت و کرخت دوائے فلزی وغیرہ کو نرم اور بھربھرا کسی طرح بنالینے کو کہتے ہین حل کے معنے پیسنے کے ہین اور اصطلاح مین بھی خشک اور سخت فلزی دوا کے نرم و رقیق کرنے کو کہتے ہین تشویہ کے ہندی معنے جھلجھلانے کے ہین اور اصطلاح مین بھی کسی رطوبت ناک پھل یا جڑ وغیرہ کو جھلجھلا کے عرق نکالنے کو کہتے ہین تحمیص کے معنے کہلانے کے ہین اور اصطلاح مین بھی بعض حبوب یعنے دانون اور ابازیر یعنے تخمون کے نیم برمان کرنے اور کہلانے کو کہتے ہین تلیہ کے معنے بھوننے اور تلنے کے ہین اور اصطلاح مین بھی بعض دوا کے نقصان و فساد کو روغن وغیرہ مین بھون یا تلکے دفع کرنے کو کہتے ہین تدبیر کے معنے انجام بینی کے ہین اور اصطلاح مین بعض دوا مین ایسے تصرف کرنے کو کہتے ہین جسکی وجہ سے اُس دوا کا ناقص و فاسد اثر دفع ہوجاتا کہ انجام کو بعد استعمال کے کچھ نقصان استعمال کرنے والے کو نہ پہونچے ترویق کے معنے شراب نچوڑنے اور صاف کرنے کے ہین اور اصطلاح مین بھی بعض مثیون کا رانگ یعنے سبز عرق نچوڑکر اور آگ پر پہاڑ کے صاف کرنے کو کہتے ہین غسل کے معنے دھونے کے اور اصطلاح مین بھی بعض ادویہ کو مختلف طریقون سے دھوکر لایق استعمال کرنے کو کہتے ہین تصویل کے معنے زیادہ کرنے کے ہین اور اصطلاح مین بعض دوائے فلزی کو خوب باریک کرکے پانی پر سے غبار لینے کو کہتے ہین نظریہ کے معنے ترائی بخشنے کے ہین اور اصطلاح مین بھی روغن وغیرہ کی حدت و خرابی وغیرہ کو دھوکر دفع کرنے کو کہتے ہین تقطیہ کے معنے صاف کرنے کے ہین اور اصطلاح مین بھی بعض خشک دوا کو جہان کے صاف اور بے مضرت کرلینے کو کہتے ہین تقطیر کے معنے چڑھانے کے ہین اور اصطلاح مین ترکیب مقررہ کسی دوا کے جوہر اوڑانے کو کہتے ہین ۔

## اس جدول مین بعض دوا کی تدبیر اور اصلاح کرنیکا بیان ہے

| نام دوا | نام عمل | ترکیب عمل |
|---|---|---|
| ابرک | تکلیس | ابرک کو باریک کترکے چند چھارے کی گٹھلی کے ہمراہ بوتلی مین باندہ کر گرم پانی کے طاش مین خوب تپین جب ابرک چٹکے پانی کے اندر آجاوے تو نتھار کر اور سکھاکے ہمراہ شہد اور نوشادر مساوی الوزن کے خوب پیسکر کوزہ کل حکمت مین تین شبانہ روز تیز آنچ دین حتی کہ شہد اور نوشادر کا وزن جاتا رہے ورنہ پھر آنچ دیوین پھر ہمراہ شورہ مساوی کے پیسکر دوسری آنچ دین تو مکلس اور نرم ہوجائیگا۔ یہ مکلس ابرک بواسیر اور فالج کے لیے مجرب ہے ۔ |

| نام دوا | نام عمل | ترکیب عمل |
|---|---|---|
| ابرک | حل | ایک بڑی مولی کو اندر سے خالی کرکے خوب حل کی ہوئی ابرک کو اُسکے اندر بھرین اور مولی ہی کی ڈانٹ خوب مستحکم لگاکے گھوڑے کی لید مین گاڑدین اور چوتھے روز نکالین بحکم خدا ابرک کھل ہوکر سفید و چمکدار پانی کی طرح ہوجاویگی۔ |
| 〃 | احراق | سفید اور صاف ابرک کو دھوکے اور ہتوڑہ سے آہستہ کچل کے انگوری تیزسرکہ مین بھگودین اور بعد تین روز کے اُسی سرکہ مین کئی جوش دیکر نکال کے کوئین اور سنگین تیلی مین ہمراہ گٹھلی کھجور کے بھرکے تیزسرکہ مین ملین تو نرم اور لچلچا ہوجاے پھر نکال کے اور تھپر پر خوب پیس کے ٹکیان بنالین اور مٹی کے باسن مین سرپوش وگل حکمت کرکے ایک ہفتہ خوب بنوالکنڈے کی آنچ دین کہ راکھ ہوجاوے پھر نکال کے بھنگرہ اور دھتورے اور ہڑ اور بہیڑے اور آنولے کے عرق مین علیحدہ علیحدہ پیس کے اور ٹکیان بناکے مٹی کے باسن مین سرپوش وگل حکمت کرکے علیحدہ علیحدہ بدستور آنچ دین۔ علامت ابرک کے کشتہ کامل کی یہ ہے کہ دھوپ مین چمک اُس سے نہ ظاہر ہو۔ بعض لوگون نے تین سو آنچون تک مبالغہ کیا ہے یہ ترکیب ہندی ہے۔ |
| ابریشم | تحمیص | ابریشم کو خوب صاف کرکے اور دھوکے اور کترکے لوہے کے برتن مین دھرکر آگ پر رکھین اور تلے اوپر کرتے جاوین اسقدر کھلاوین کہ کرکت قابل پسنے اور سفوف ہونے کے ہوجاوے۔ |
| اجوائن | تدبیر | تین شبانہ روز تیزسرکہ مین بھگوکر سایہ مین خشک کرلین۔ لیکن سرکہ چار انگل اجوائن سے اوپر ہو۔ |
| افیون | تحمیص | افیون کو ریزہ ریزہ بقدر باقلے کے کرکے مٹی کے برتن مین تھوڑا تھوڑا بھونین۔ یا چراغ کی لو مین پٹپٹالین۔ |

| نام دوا | نام عمل | ترکیب عمل |
|---|---|---|
| ۷ افیون | تدبیر | افیون کو پانی یا گلاب مین چار پہر تر کرکے آگ پر رکھین اور طین تاکہ خوب حل ہوجاوے پھر چھان کے اور سفل دفع کرکے پانی کو پکا کے بستہ کرلین کہ قابل گولی باندہنے کے ہوجاوے۔ اگر وقت پکانے کے ذرا سی شراب انگوری بہی شامل کردین تو لطیف اور خوش کیفیت اور بے مضرت ہوجائے۔ |
| ۸ انڈے کا چہلکا | احراق | انڈے کے چہلکے کو تین روز نمک پانی مین بہگو کے اندرونی جہلی اور آلائش سے پاک کرکے اور نرم نرم کوٹ کے اور کوزہ مین بھر کر اور گل حکمت کرکے پھونک دین تا راکھ ہوجائے۔ بہتر چہلکا بچہ نکلا ہوا ہے اور شتر مرغ کے انڈے کا چہلکا سب سے بہتر ہے۔ |
| ۹ گز | تدبیر | انڈے کے چہلکے کو پانی نمک اور راکھ کھلی ہوئی مین بہگو کے اور دہو کے اندرونی جہلی اور آلائش کو دفع کرین اور پھر مکرر دہو کے اور خشک کرکے کام مین لاوین۔ ایضاً سرد پانی سے کئی بار دہوین حتی کہ بو دفع ہوجاے۔ |
| ۱۰ ایلوہ | تدبیر | ایلوہ کو سیب یا بہی یا شلجم یا گاجر یا امرود مین رکھ کے اور گیرا لپیٹ کے اوسیر آنا لگائین اور آگ مین ڈال دین بعد ایک لحظہ کے کہ گرمی ایلوہ تک پہونچ جاوے نکال کے خشک کرلین اور کام مین لائین۔ |
| ۱۱ بارتنگ کے بیتے | ترویق | پتون کو دہو کر اور صاف کرکے پیسین اور اسکا رانگ یعنے عرق سبز بچوڑ کے آگ پر پکاوین جب پھٹ جاے چھان لین۔ |
| ۱۲ بال آدمی کے | تحمیص | بالون کو صابون لگا کر دہوین اور خشک کرکے کنگھی کرین اور باریک کتر کے آگ پر اسقدر کہلاوین کہ لایق پیسنے کے ہوجاوین اور ان مین بو آنے لگے۔ بہتر بالون سے آدمی کے سر کے بال ہین۔ |
| ۱۳ پارہ | تصفیہ و تدبیر | پارہ کو چالیس مرتبہ سنگلین کپڑے مین چھانین بعدہ شیشہ یا پتھر یا مٹی کے کرل مین ارنڈ کا رانگ ڈال کے پیسین تاکہ سیاہی اور چکناہٹ زائل ہوجاے پھر مکو کے رانگ پیسین پھر ہر بہگوئی ہوئی کے عرق مین پیسین پھر نصف وزن پانی مین ہانڈی کے اندر نرم آنچ پر جوش دین اور تھوڑا تھوڑا پانی اور داخل کرتے جائین تین مرتبہ بعد جب پانی جلجاوے اور پارہ رہجاے پارہ کو لین اور استعمال مین لائین |

| نام دوا | نام عمل | ترکیب عمل |
|---|---|---|
| بارہ سنگھا ۱۴ | احراق | اسکے بازیتے ورق کرکے اور کپڑا لپیٹ کے گل حکمت کرین اور تیز آنچ پر پھونک دین۔ لیکن خارجی علاج مین کشتہ کرنے کی کچھہ ضرورت نہین ہے صرف گھس کے استعمال کرین۔ |
| بچھو ۱۵ | تجمیص واحراق | بچھو کو مٹی کے برتن مین زندہ رکھکے اور سرپوش اور خمیر لگاکے گرمی تنور مین رات بھر رکھین اور صبح کو نکال کے اور پیس کے ریشمی کپڑے مین چھانین اور کام مین لاوین۔ اور گرمی تنور سے یہ مراد ہے کہ تنور مین خوب آگ جلاکے آگ کو نکال لین اور صاف کرلین اُسمین بچھو والے سرپوش باسن کو رکھکے تنور کو بند کردین۔ بہتر تنور جلانے کے واسطے لکڑی انگور کی ہے۔ اور اگر بچھو کو راکھ کرنا منظور ہو تو تیز آنچ دین کہ راکھ ہوجائے بہتر بچھو نر ہے اور نشانی نر کی ضعیفی ولاغری ہے۔ |
| بہروزہ ۱۶ | تدبیر | ایک ہانڈی مین اقدر نصف پانی بھرکے اُسکے منہ پر جھرجھرا کپڑا باندہین اور اُسپر بہروزہ رکھکے سرپوش کرین اور آگ پر رکھین جب بہروزہ پانی کی گرمی سے ٹپک کے ہنکر ہانڈی مین گرجائے تو کپڑا مع کدورت دفع کرین اور بہروزہ لیکے اسی طرح مکرر پانچ چھہ بار کرین تا بہروزہ قابل سفوف کرنے کے ہوجائے۔ |
| پھٹکری ۱۷ | تحمیص | پھٹکری کو کرچھے مین رکھکے آگ تیز پر رکھین تاکہ مچھل کے خشک اور مثل کھیل کے ہوجائے۔ |
| بھلاوان ۱۸ | تدبیر | دو پتھر یا دو لوہے کے ٹکڑے گرم کرین اور بھلاوین کو دو ٹکڑے کرکے اُسمین خوب باوین اور جو شہد سا نکلے اُسکو بانس کی قمچی سے جدا کرکے کہین رکھدین اور بھلاوین کو جمیل کے اور کوٹ کے دوا مین شریک کرین اور اگر معجون دوا بسنہ مین ملانا منظور ہو تو بعد اس تدبیر کے مع جملکا ہمراہ اخروٹ یا روغن بادام کے کوٹین |
| بھنگ ۱۹ | تدبیر و تحمیص | بھنگ کو گرد و غبار سے پاک اور صاف کرکے دوب گھاس کے رنگ مین ملکر خشک کرلین پھر اجوائن بھگوئی ہوئی کے پانی مین ملکے خشک کرلین بعدہ گائے کا گوبر لگاکے کوری مٹی کے برتن مین آگ پر کھلالین اور جلنے بناوے۔ |

| نام دوا | نام عمل | ترکیب عمل |
|---|---|---|
| ۲۰ پیاز جنگلی و نرگسی | تشویہ | یہ پیاز دو قسم کی ہوتی ہے ایک گودہ دار دوسری پرت دار گودہ دار سم اور غیر مستعمل ہے اور پرت والی پیاز کی اصلاح یہ ہے کہ پیاز جنگلی صاف کرکے اور اسپر آٹا سنا ہوا لپیٹ کے گرم بھوبھل مین دبائین تاکہ آٹا پکجاے اور گرمی پیاز تک پہونچ جاوے پھر آٹے کو دفع کرکے استعمال کرین۔ |
| ۲۱ تربد | تصفیہ | اس جڑ کے اوپر کا چھلکا اور اندر کا گودہ دفع کراسکے ریشہ لین کیونکہ ان دونون مین سمیت ہے۔ |
| ۲۲ تخم ریحان و تخم الشنوجہ | تجمیص | کورے مٹی کے برتن مین آگ پر رکھ کے کھلالین حتی کہ چلنے پناوے صرف نیم بریان ہوجاوے۔ |
| ۲۳ توتیا | غسل و تصویل | توتیا کو خوب پیس کے چینی کے برتن مین رکھین اور اوپر سے عرق انگور نچوڑے ہوے کاڈالین اور سات روز یہ ہی رہنے دین پھر اسی پانی مین آہستہ آہستہ پیسین اور خشک کرکے رقت کے ہمراہ پھر باریک پیسین اور سکھاکے رکھ لین ایضاً توتیا باریک پیسکے بہت سے پانی مین گھول کے تہ نشین کرلین اور خشک کرکے مکرر یہی عمل کرین سات مرتبہ۔ |
| ۲۴ چاکسو | تدبیر | چاکسو کی لوہی باندہ کے سونف یا مونگ کی دال یا گدہ کے لید مین جوش کرکے جیل ڈالین۔ |
| ۲۵ چاندی | احراق | چاندی کو برادہ کرکے لوہے کے برتن مین ہمراہ نمک اور پانی کے تیز آگ پر جلادین اور اسپر سے ذرا سی گنہ کا بسی ہوئی چھڑک دین تو بالکل جلجاے۔ |
| ۲۶ جست | احراق | شاہترہ سبز پیس کے جست پر خوب تھوپ دین اور اوپر کپڑا لپیٹ کے گل حکمت کرین اور تیز آنچ مین ایک شبانہ روز رکھین بعدہٗ نکالکر باریک پیس لین واسطے امراض چشم کے مفید ہے۔ |
| ۲۷ چمگادڑ | احراق | بچہ چمگادر کو برادہ آلائش شکمی سے پاک کرکے دہد مین اور نمک چھڑک کے کوزہ مین رکھ کر سربمہر کرین اور تیز آگ مین کوزہ کو ڈالدین تاکہ جل جاوے۔ |

| نام دوا | نام عمل | ترکیب عمل |
|---|---|---|
| ۲۸ جمالگوٹہ | تدبیر | جمالگوٹہ کو ایک پوٹلی مین باندہ کے گوبر یا گدہے کی لید مین پانی ملا کر آہین ڈالدین اور خوب جوش دین پھر دوسرا جوش اسی طرح دہی مین دیوین پھر جمالگوٹہ کو چیل کے دو ٹکڑے کرین اور اسکے بیچ مین جو زیرہ ناخن سا ہوتا ہے نکال کے پھینک دین۔ جسکو انقلاب معدہ ہوا سکو جمالگوٹہ کا استعمال کسی طور جائز نہین۔ |
| ۲۹ چونہ | غسل | ایک بڑے برتن مین چونہ گھولدین تھوڑی دیر مین تہ نشین ریت اور کنکریون کو دفع کرکے پانی کو رات بھر ٹھہرنے دین صبح کو پانی صاف نتھار لین اور دوسرا پانی ڈالین صبح کو وہ دودہ بھی نتھار لین اسی طرح سات بار کرین بعدہٗ تہ نشین کو خشک کرکے کام مین لادین۔ |
| ۳۰ رانگہ | احراق | ایک کنڈے کو درمیان سے خالی اور گول گڑہا کرین اور لونگ و کالی مرچ مساوی اور ہیرا کسیس انکا چوتھائی اُن اجزا کو باریک کوٹ کے ایک تہ نصف پسے ہوے اجزا کی کنڈے کے اندر بچھادین اُسکے اوپر ہرن کھری رانگہ رکھکے نصف باقی اُنہین اجزا کو رانگہ کے اوپر ڈال کے کنڈے کو بند کردین اور بنوا کنڈے کی تیز آنچ مین یہ کنڈا رکھکے پھونک دین اور بعد سرد ہونے کے نکال کر کام مین لائین۔ |
| ۳۱ روغن | غسل | کوئی روغن ہو اُسپر پانی سرد خوب ساڈال کے روغن کو پانی پر سے کانچہ لین اگر زیادہ گرم کوئی روغن ہو اسکی اصلاح کے لیے تین بار یا زیادہ حسب حاجت یہی تدبیر عمل مین لائین۔ |
| ۳۲ زفت | غسل | زفت کو سرد پانی مین پگھلا کے گرائین تاکہ کدورت تہ نشین ہوجاے اور جو پانی کے اوپر رہے اُسکو لیکر اسی طرح مکرر تین بار کرین اور استعمال مین لادین اور اگر نیم گرم پانی ہو تو اچھا ہے۔ |
| ۳۳ زیرہ | تدبیر | زیرہ کو سرکہ مین چینی کے برتن کے اندر رہگوئین تین شبانہ روز الا سرکہ چار انگل زیرہ کے اوپر ہو پھر زیرہ کو نکال کے سایہ مین خشک کرین اور عمل مین لائین اور دہوپ مین یا آگ پر سکانا بھی بعض نے جائز رکھا ہے۔ |

| نام دوا | نام عمل | ترکیب عمل |
|---|---|---|
| ۳۴ زمرد | غسل | زمرد کو خوب کھرل کرین اور پانی مین ملاوین جو جلدی نشین ہو اُس دُردا اور کنکری کو پھر پیسین اور پانی مین ملاوین اسی طرح کئی بار دُردکو مکرر پیسین اور پانی مین ملاوین پھر آخر کو دردعلحدہ کرکے سب پانیون کو ایک مین ملا کے ایک شبانہ روز بند کرکے ساکن رکھین بعدہٗ نشین کو لے کر کام مین لاوین الا آنکھ کے لیے پھر پیسین۔ |
| ۳۵ سانپ | احراق | سیاہ یا جو نسا سانپ چاہین زندہ ایک کوزے مین رکھ کر سر پوش اور گل حکمت کرکے ایک رات بھر خوب گرم تنور مین رکھدین پھر نکال کے دیکھین سوکھ گیا ہوگا پیس کے کام مین لائین۔ خنازیر کو مفید ہے۔ |
| ۳۶ سجی سجی | احراق احراق | سجی کو ریزہ ریزہ کرکے مٹی کے برتن یا کرچہ کو آگ پر خوب گرم کرکے اسمین ڈالین اور کسی چیز سے ہلاتے جاوین جب مثل راکھ کے ہو جاوے تو کام مین لاوین۔ |
| ۳۷ سرمہ | غسل و تکلیس | سرمہ کو تین شبانہ روز عرق بادیان سبز مین بھگو کے سایہ مین خشک کرلین بعدہٗ روئی لپیٹ کے جلاوین جب دھوان موقوف ہو نکال کے صاف کرلین۔ ایضاً سرمہ کی ڈلی کو بکری کی جربی مین خوب لپیٹ کے آگ پر رکھدین جب جربی جلجاوے اور سرمہ سُرخ ہو جاوے نکال کے عورت کے دودھ مین یا گاودے گھی مین سرد کرلین ایضاً سرمہ کو خوب باریک کھرل کرکے بہت سے پانی مین گھولدین اور تہ نشین کو خشک کرکے لے لین۔ |
| ۳۸ سفیدا | غسل | سفیدا خوب پیس کے پانی مین گھولدین جب ٹھہر جاوے تو دُردا اور کنکری کو پھر پیس کے گھولین اسیطرح تین مرتبہ مکرر پیسین اور گھولین بعدہ ایک رات بھر پانی کو بند کرکے اور ساکن کرکے نتار لین اور تہ نشین کو عمل مین لائین۔ |
| ۳۹ سقمونیا | تشویہ | سیب یا بہی، یا امرود کو اندر سے خالی کرکے اور تل مقشر اسکے اندر چکا کے سقمونیا کو اسمین رکھ کے اُسکو بند کرکے اور ایک کپڑے مین باندھ کے اُنکا خمیر اُسپر لگائین اور تنور یا بھوبھل مین رکھین جب پک جاوے تو نکال کے سقمونیا کو اندر سے نکال کے اور سایہ مین خشک کرکے کام مین لائین۔ |

| نام دوا | نام عمل | ترکیب عمل |
|---|---|---|
| سنگ بصری ۴۰ | تدبیر | سنگ بصری کو سات بار سرخ کرکے آگ مین گلاب یا دہی کے توڑیا انار کے پتون کے رنگ مین یا عرق لیمون کے اندر بجھاوین اور سرد کرین اور کام مین لاوین۔ |
| سنکھیا ۴۱ | حل | سنکھیا کو باریک پیس کے لٹ زیر دکی راکھ ملاکے بقدر آٹھوین حصہ کے ایک آتشی شیشی مین بھرین اور ماش کی کچڑی پکاکے دم کے وقت شیشی کو اسکے اندر گاڑ دین اور بعد ایک پہر کے نکال کر سات روز دھوپ مین رکھین انشاء اللہ رقیق ہو جائیگی۔ |
| سونا ۴۲ | احراق | سونے کو برادہ مثل غبار کے کرکے سلوہے کے باسن مین رکھین اور تھوڑا سا سیسہ پسا ہوا بھی اُسپر چھڑکین بقدر اٹھوین جزو کے اسکے بعد نمک کا پانی اسمین ڈالین اسقدر کہ پانی دو انگل اوپر رہے پھر اُس باسن کو آگ پر رکھکے اسقدر جوش دین کہ پانی بالکل جل جائے اور خشک سونے کو نکال کے کھرل کرین اور دستور کے موافق پانی مین دھوئین یعنے تہ نشین کو بار بار پیسین۔ اور کام مین لائین۔ |
| سینگیا زہر | تدبیر | سینگیا زہر کو ایک باریک کپڑے کی پوٹلی مین باندہین اور اس پوٹلی مین ایک باریک تار لوہے کا باندہ کے اُس تار کے دوسرے سرے کو ایک لکڑی کے بیچ مین باندہین اور ایک خوب بڑی ہانڈی گلے مین پانچ سیر دودہ بھر کے اُس لکڑی کو اسکی گگر پر جمائین اسطور کہ پوٹلی زہر سینگیا کی دودہ سے چہہ انگل اونچی رہے اور اُسکے اوپر سرپوش بند کرکے دہیمی آنچ پر رکھین ایک شبانہ روز یا دہ اُتار کے سینگیا زہر کو خشک کرکے کام لائین اور دودہ کی ہانڈی مع دودہ زمین مین دفن کردین تاکہ کوئی حیوان اُسکو نکالے اور اگر سینگیا زہر کھانے کے لیے درکار ہو یہی عمل تین بار کرین۔ اور بعد چالیس روز کے دودہ کی ہانڈی کو زمین سے نکالین اور اسمین کے کپڑے چھان کر خشک کرلین۔ بعض طلا کے لیے عمدہ چیز ہے۔ |

| نام دوا | نام عمل | ترکیب عمل |
|---|---|---|
| ۴۴ سیپ | احراق | سیپ کو لے کر اُسکے اوپر مٹی لگا کے تنور مین خوب جلاوین حتی کہ جلکر سفید اور نرم و بھربھری ہو جاے ورنہ پھر گل حکمت کر کے جلاوین اور پیس کے کام مین لاوین ۔ |
| ۴۵ سیپا | 〃 | سیپ کے باریک ٹکڑے کو ایک مٹی کے کوزہ مین رکھ کے اُسپر تھوڑا سا گندھا ہوا چھڑک کے کوزہ کو کسی گلی سرپوش سے جسکے اندر ایک باریک سوراخ بیچ مین ہو بند کر کے گل حکمت کر دین اور آگ مین پھونک دین جب خوب خل ہو جاے تو نکال کے اور پیس کے دھوئین اور کام مین لائین ۔ |
| ۴۶ شیشہ | تکلیس | شیشہ کو کہ صاف ہو لیکر خوب باریک مثل غبار کے کوٹ اور پیس کے لوہے کے کرچہ مین رکھ کر آگ پر خوب سُرخ کرین اور سجی کے پانی مین یعنے جسمین سجی گھلی ہو سرد کرین اسی طرح تین بار کرین تو یہ شیشہ نرم اور مثل مٹی کے ہو جائیگا پھر اسکو پیس کے کام مین لاوین واسطے پتھری توڑ بہانے کے بمثل ہے ۔ |
| ۴۷ شورہ | تصعید | شورہ قلمی صاف لے کر پیس ڈالین اور ایک کوری ہانڈی مین بقدر دو انگل کے ایک تہ بچھاوین اُسکے اوپر سفوف تخم سرواری کا چھڑکین پھر اور تہ شورہ کی بچھاوین اور پھر سفوف تخم سرواری کا چھڑکین اسیطرح سات تہ جماوین اور اوس ہانڈی پر اور ایک ہانڈی اسی کے برابر اوندہا کے رکھین حتی کہ منہ بند ہو جاے بعدہٗ گل حکمت کر کے دھیمی آنچ پر رکھین ایک دن بھر پھر کھول کے اُس شورہ کو جو اوپر کی ہانڈی مین جما ہو لے لین اور کام مین لائین واسطے سوزاک اور جریان اور پتھری کے ہمراہ شیر گاؤ کے کہ بادبھر ہو بمثل اور عجیب النفع ہے ۔ |
| ۴۸ عقیق | احراق و تکلیس | عقیق کو آگ پر خوب گرم اور سُرخ کرین اور ٹھنڈے پانی مین بجھاوین اسیطرح متواتر کئی بار کرین حتے کہ پانی خشک ہو جاے اور یہ مثل سجی کے نرم اور بھربھرا ہو جائے ۔ |

| نام دوا | نام عمل | ترکیب عمل |
|---|---|---|
| غاریقون | مدبر دمغربل | غاریقون کو کسی کملی کے ٹکڑے یا فلالین کے پارچہ مین خوب جہان لین تاکہ اُسمین جو ریشے مثل ناخن کے ہوتے ہین اور اُنمین سمیت ہوتی ہے علیحدہ ہو وقع ہوجائین بعدہٗ غاریقون کو کام مین لاوین۔ |
| کاسنی کے پتے | ترویق | بغیر دہوئے کاسنی کے پتون کو کچل کے انکا رانگ نکالین اور آگ پر بہاڑ کر اور جہان کے صاف کرلین واسطے حمی محرقہ یعنے صفراوی بخار کے اور ورم جگر کے مفید ہے۔ الا انکو ہرگز نہ دہوئین کیونکہ نفع باطل ہوجاتا ہے۔ |
| کافور ۱۵ | تصعید | کافور کو ایک کوری ہانڈی مین بھر کے اوپر اسکے ایک اور ہانڈی برابر اسکے اوندہا کے اور گل حکمت کرکے دہیمی آنچ دین جب کافور اڑکے اوپر کی ہانڈی مین جمے اسکو لے کر کام مین لاوین۔ |
| کچلہ ۱۵ | تدبیر | کچلہ کو ایک شبانہ روز تر کرین اور اوپر کا چھلکا جدا کرکے پھر اسکو سوہن ریت کے برادہ بنائین اور اس برادہ کو ایک شبانہ روز سرکہ مین تر کرکے خشک کرلین۔ ایضاً اس برادہ کی پوٹلی باندہ کے دودہ کی ہانڈی مین ہمراہ دودہ کے جوش کرڈالین اور نکال کے خشک کرلین اور دودہ پھینکدین |
| کچھوا ۱۵ | احراق | کچھوے کا پیٹ چاک کرکے اسکے اندر سے کل احشاد آلائش کو نکال کر پھینکدین اور خوب دہو کر صاف کرین اور ایک کوری مٹی کی ہانڈی مین رکھ کے اور گل حکمت کرکے تنور یا چولہ مین رکھ کے خوب آنچ دین حتی کہ جلکر سفید ہوجاے بعدہٗ نکال کے کام مین لائین۔ |
| گندہک | تدبیر | ایک ہانڈی مین دودہ بھرین گلے تک اور ہانڈی کا منہ مہین کپڑے کی صافی سے باندہ کے بند کردین اور اُس صافی پر گندہک کے زیرہ بچھاوین اور اُسپر لوہے کا توا اوندہا وین حتی کہ اوسکا سطح اندرونی گندہک سے علیحدہ رہے پھر اس توے پر خوب سرخ انگارے رکھکے دہونکے جب گندہک پگھل کے اور چین کے دودہ مین جارہے اوس گندہک کو نکال کے کام مین لائین۔ |

| نام دوا | نام عمل | ترکیب عمل |
|---|---|---|
| گوکھرو ۵۵ | تدبیر | گوکھرو کو تین رات دن دودھ مین بھگوئین اور نکال کے سایہ مین خشک کرین اسی طرح تین بار کرین اور خشک کرکے اور کوٹ کے کام مین واسطے جریان اور قوت باہ کے بیشل ہے۔ |
| کہربا ۵۶ | احراق | صرف کہربا کو ریزہ ریزہ کرکے اور ایک کوزہ مین رکھ کے اور گل حکمت کرکے پھونک دین اور نکال کے اور پیس کے کام مین لائین۔ کہربا بغیر جلائے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ |
| کھیرا ۵۷ | تشویہ | کھیرے کے اوپر مٹی گوندہ کے لت کردین اور گرم بھوبھل مین دبا دین بعد خوب گرم ہو جانیکے نکالکر اور مٹی دفع کرکے اسکا پانی نچوڑ لین اور کام مین لادین۔ |
| کیکڑا ۵۸ | احراق | یہون نہر کا بڑا کیکڑا کہ مادہ ہو اور شناخت مادہ کی یہ ہے کہ اگر اسکی پیٹھ مین سوئی گاڑدین تو کچھہ رطوبت اُس سے نکلے اور اس کیکڑے کو چیر ڈالین اور آلائش شکمی اور پاؤن کو دفع کرکے نمک اور انگور کی لکڑی کی راکھ لگا لگا کر خوب دھوئین بعدہ خشک کرکے ایک کوزہ مین رکھ کر گل حکمت کرین اور ایک رات تنور گرم مین رکھدین تاکہ جلکر راکھ ہو جاے بعدہ نکال کر اوپر کے کام مین لائین۔ |
| لاجورد ۵۹ | غسل | لاجورد کو خوب باریک مثل غبار کے پیسین اور پانی مین ڈالین اور ہلا کے روغن زیتون اُسمین ڈالین اور جوش دین پھر تہ نشین کو لین اور خوب پیسین اور پھر پانی مین گھول کے اور روغن زیتون ڈال جوش دین اور تہ نشین کو لیکر اور خشک کرکے یہی عمل کرین اور تہ نشین کو کام مین لائین۔ |
| لاکھ ۶۰ | غسل | ایک برتن مین گرم پانی خوب بہت سا بھرین اور چراغ کی لو مین لاکھ کو پگھلا لے اسی پانی مین گراتے جادین تاکہ جو کچھہ مٹی وغیرہ ہو اس پانی مین تہ نشین ہو جاے اور صاف لاکھ کو پانی پر سے اُتار کے پھر یہی عمل تین بار کرین بعدہ لاکھ کو لے کر کام مین لادین۔ |
| لوکی ۶۱ | تشویہ | لوکی کے اوپر پیڑول مٹی خوب سی لگا کر بھوبھل مین دو پہر دبا دین بعدہ نکالکے اور مٹی دھو ڈالے اور کچل کے اُسکا پانی نچوڑ لین اور صاف کرکے کام مین لادین صفراوی بخار اور ورم کبد کو مفید ہے۔ |

| نام دوا | نام عمل | ترکیب عمل |
|---|---|---|
| ۶۲ لوہچون | تدبیر | فولادی لوہے کا باریک برادہ سو مین سے کرین اور مٹی کے کورے برتن مین دھر کے آگ پر خوب سُرخ کرین جب خوب سرخ ہو جاے تو تلی کے تیل مین اُسکو ڈال کر بجھاوین پھر نکال کے اور خشک کر کے آگ پر خوب سُرخ کرین اور انگوری سرکہ مین بجھاوین بعدہ نکال کے اور آگ پر سُرخ کر کے بیل کے موت مین بجھاوین اور نکال کے پھر آگ پر سُرخ کرین اور گاے کے گھٹے دہی کے توڑ مین بجھائین اور اس سے نکال کے دھو کر باریک پیسین اور بدستور دھونے عقیق وغیرہ کے دھو کر نشین کو کام مین لائین ۔ |
| ۶۳ لوہے کا میل | تدبیر | جنبش الحدید کو خوب کوٹین اور چہان کے خوب تیز سرکہ یا شراب انگوری مین بھگوئین چودہ روز تک اور چاہیے کہ سرکہ یا شراب چار انگل اوپر رہے بعدہ سرکہ یا شراب سے نکال کے سات روز گندنا کے رانگ یا لسن کے ساگ کے رانگ مین بھاوئین اور درمیان مین ایک مرتبہ عرق مذکور بدل دین اور چاہیے کہ یہ عرق بھی چار انگل اوپر رہے اسکے بعد نکال کے روغن بادام یا روغن خشخاش زرد آلو مین بریان کرین پھر خوب باریک مثل غبار کے کھرل کر کے کام مین لائین ۔ |
| ۶۴ مازریون | تدبیر | مازریون کو تین رات دن تیز سرکہ مین بھگوئین اور درمیان مین دو ایک مرتبہ سرکہ بدل دین اور سرکہ چار انگل اوپر رہے بعدہٗ نکال کے سکھالین اور جو کوب کر کے روغن بادام مین چرب کر کے جس طرح چاہین استعمال کرین ۔ |
| ۶۵ مازو | تقلیہ | مازو کو تلی کے تیل مین تلین اسقدر کہ پت جاے بعد اسکے کوٹ کے اور چہان کے کام مین لائین ۔ |
| ۶۶ مونگا | احراق | مونگے کو کوٹ کے ریزہ ریزہ کر کے ایک مٹی کے کوزہ مین رکھین اور گل حکمت کر کے ایک رات کامل تنور مین رکھین تو جلکر سفید ہو جاوے الا راکھ نہ ہونے پاوے اور اگر ایک مرتبہ مین قابل نہ ہو تو پھر تنور مین رکھین ۔ |
| ۶۷ مونگے کی جڑ | احراق | مونگے کی جڑ کے جلانے کا دستور بھی مثل جلانے مونگے کے ہے الّا بغیر گل حکمت کے بھی جلایا جاتا ہے ۔ |

| نام دوا | نام عمل | ترکیب عمل |
|---|---|---|
| ۶۸ مردارسنگ | غسل | مردارسنگ کے ہم وزن نمک لاہوری ملا کے دونون کو خوب پیسین اور پتھر یا سفالی کے برتن مین رکھ کے اسپر پانی ڈالین اس مقدار کہ چار انگل اوپر رہے اور پانی کو ہلاوین اور چھوڑ دین سات روز تک اور درمیان مین کبھی کبھی ہلا دیا کرین بعد سات روز کے اور تازہ پانی بدل دین اور درمیان مین ہلا کے چھوڑ دیا کرین اسیطرح بعد ہر سات روز کے نیا تازہ پانی بدلتے رہین اور بعد چالیس روز کے تہ نشین کو لے کے اور بیسکے کام مین لاوین۔ |
| ۶۹ مردہ باول | احراق | ابر مردہ جسکو اسفنج کہتے ہین لے کر صابون لگا کے خوب صاف کرین بعدہ نچوڑ کے اور روہو مین سوکھا کے باریک کتر ڈالین پھر کسی لوہے یا مٹی کے باسن مین رکھکے آگ پر رکھین اور کسی لکڑی سے چلاتے جاوین یہان تک کہلاوین کہ وہ ابر مردہ کرخت قابل پیسنے کے ہو جاے بالکل جلکر راکھ ہو جاوے بعدہ لیکر کام مین لاوین۔ |
| ۷۰ ملوکے پتے | تزویق | ملوکے پتون کو دہو کے اور خوب کچل کے انکا رنگ نکالین اور اوس رنگ کو آگ پر پہاڑ کے اور صاف کر کے کام مین لاوین۔ |
| ۷۱ موتی | تکلیس | بغیر بدہے ہوے موتی لے کر کسی مٹی کے کورے باسن مین رکھکے تھوڑا سا دودہ اسمین ڈالین اور سر لوپش سے بند کر کے اور آٹا لگا کے دھیمی آنچ پر رکھدین اور بعد دو گھنٹے کے اتار کے نکال لین تو نرم قابل پیسنے کے ہو جاے گا۔ |
| ۷۲ موم | غسل | موم کو خوب اونٹا کے ٹھنڈے پانی مین ڈالین اور چھوڑ دین تاکہ مٹی وغیرہ تہ نشین ہو جاے بعدہ موم کو پانی پر سے لے کے تین مرتبہ اسیطرح اونٹا اونٹا کے پانی مین ڈالین پھر کام مین لاوین۔ |
| ۷۳ مومیائی | غسل | مومیائی کو بھی مثل موم کے اونٹا کر ٹھنڈے پانی مین ڈالین اور ٹھہرا کے پانی پر سے مومیائی اتار کے اسی طرح تین یا چار بار کرین تاکہ گرد مٹی وغیرہ سے مومیائی صاف و پاک ہو جاوے بعدہ کام مین لاوین۔ |

| نام دوا | نام عمل | ترکیب عمل |
|---|---|---|
| نمک | احراق | نمک کو باریک پیس کے شہد مین لت کرین اور باریک کپڑے مین باندہ کے اور گل حکمت کرکے تنور یا چولہہ مین ایک اینٹ پر رکھدین جب تنور یا چولہہ سرد ہو جاوے نکال کے اور مٹی دفع کرکے کام مین لاوین۔ |
| ہڑ | تقلیہ و احراق | ہڑ کو گائے کے گھی یا روغن بادام مین تلین اسقدر کہ خوب سیاہ اور چمکدار ہو جائے احراق کابلی ہڑ کو خمیری آٹے مین بند کرکے غلولہ بنا کر آگ مین ڈالدین جب بالکل جل جاوے نکال کے اور پیسکے کام مین لاوین۔ |
| ہرتال | احراق | ہرتال اعلیٰ درجہ کی لیکے ریزہ ریزہ برابر چنے کے کرین اور ایک مٹی کے کوزہ مین سرپوش اور گل حکمت کرکے انگارون پر رکھین اور درمیان سرپوش کے ایک سوراخ کرین تاکہ اُس سے دہوان نکلتا رہے اور دیکھتے رہین کہ جب تک دہوان نکلے تو خام ہے اور جب سفید دہوان نکلے تو سفید اور کامل ہو گا نکال کے کام مین لاوین اور اسکے دہوئین سے اپنے تئین بچاتے رہین۔ |
| یاقوت<br>ریشب | تکلیس<br>احراق | یاقوت کو آگ پر خوب گرم کرکے پانی مین دس بیہاؤدین نرم اور مکلس ہو جاویگا۔ ریشب کو پیس کے اور ایک کوزہ گلی مین رکھ کے گل حکمت کرین اور تنور مین رکھدین حتی کہ جلکر سفید ہو جاوے الا راکھ ہونے پاوے اور اگر ایک پخ مین نہ جلے تو دو تین پخ مین کامل کرلین۔ |

**فصل پنجم** تدبیر بنانے اور استعمال کرنے مارالجبن کے۔ جاننا چاہیئے کہ دودہ مین اللہ تعالیٰ نے تین چیزین رکھی ہین ایک مائیت دوسرے دہنیت تیسرے سفل سو دودہ کی مائیت مین صرف خوت و دوائی ہے اور سفل مین قوت غذائی ہے اور دہنیت مین قوت دوا اور غذا دونو کی ہے چنانچہ دودہ سے یہ تینون چیزین جب علیحدہ کرکے استعمال کیجاتی ہین تو اونکے استعمال سے تجربہ علیحدہ علیحدہ فوائد معلوم ہوتے ہین پنیر جو کہ سفل دودہ کا ہے بیشتر اسکا استعمال غذائی ہوتا ہے اور منجملہ اغذیہ معتادہ مین سے شمار کیا گیا ہے بالائی یا مکھن یا گھی جو کہ دہنیت دودہ کی ہے بیشتر ادویہ مین اغذیہ داخلی و خارجی مین مستعمل ہے کیا معنے کہ ان تینون کو واسطے دفع کرنے سوداویت یا یبس معدہ و امعا کی یا واسطے ازلاق معدہ و امعا کے یا واسطے دفع لاغری و تولید سمن یعنے فربہی کے داخلاً استعمال کرتے ہین اور مرہمون اور مالشون وغیرہ مین خارجاً استعمال کرتے ہین (اور اہل ہند نے جو ان تینون کو کثرت کے ساتھ

ذیہ لطیفہ مین شامل کرلیا ہے اگرچہ فائدہ فربہی کا تو یہ کرتے ہین الا بلغمیت اور ضعف معدہ و رخوت
ضا اور فربہی مفرط اور تکدر حواس اور ثقل سر اور نزول الماء اور بلاوت ذہن وغیرہ کے لیے بہت
ے باعث اور سبب ہین کیونکہ تجربہ کرنے سے بخوبی معلوم ہوتا ہے کہ بالائی یا مکھن یا گھی کی غذا
رت سے استعمال کرنے والے ضرور بلید اور ناسمجھ اور سہل انگار اور آرام طلب ہوتے ہین اور
ر ضعف ہضم یا بطلان اشتہا یا ثقل سر و نزلہ و زکام و تولید بلاغم و نزول الماء یا آنکھون کے
راض مثل پھلی و جالے و مانڈے و آشوب چشم وغیرہ وغیرہ کے شاکی اور ان آفتون کے علاج کے
لاشی ہین بالآخر تجربۃً معلوم ہوا ہے کہ ایسے ہی لوگ علاجاً یا ہوساً افیون وغیرہ منشیات وسمیات کو
عدد طریقون سے استعمال کرنے لگتے ہین اور یقیناً زندگی کو کھو جاتے ہین) دہی کا توڑ یا پنیر سے نچوڑا ہوا
ہ یا ماء الجبن جو کہ ماہیت دودھ کی ہے بیشتر دواؤن مستعمل ہے یعنے امراض صفراوی اور بعض سوداویکو
ہت ہی مفید ہے کیا معنے کہ حمی محرقہ اور ہیجان صفرا اور مرہ صفرا اور مادہ حمرہ و حمرہ اور حرقۃ البول اور مادہ
ورد و امیل وغیرہ کو اور سوداویت کو بہت فائدہ مند ہین لیکن اگرچہ دہی کا توڑا اور پنیر کا نچڑا ہوا
نی یہ دونون ماء الجبن کہے جاسکتے ہین اور اپنے فعل و اثر مین بھی قریب قریب ماء الجبن کے ہین الا
ء الجبن جو ایک خاص طریقہ سے باحتیاط و اہتمام تمام بنایا جاتا ہے وہ بہ نسبت ان دونون
کے نہایت ہی لطیف و پُر اثر ہے اور بیشتر اطبا کے معمولات مین سے وہی ماء الجبن ہے لہذا
ضروری ہوا کہ ذیل مفردات مین اسکا بھی ذکر کیا جاوے اور اُسکے اخذ و حاصل کرنے کی حقیقت
ہیر کیجاوے۔ طریقہ ماء الجبن بنانے کا یہ ہے کہ ایک بکری سیاہ رنگ کی لیوین جو تھوڑی ہی دونون
گابھن ہو اور اگر سیاہ رنگ کی نہ ممکن ہو تو سرخ رنگ کی یا چتکبری ہو اور اُسکو باہر کی چرائی
روک کے گھر مین اُسکو دانہ اور چارا دیا جاوے تاکہ خراب اور سمی بقول دکھا سون سے محفوظ
ہے اور اُسکو چارہ بالک کے پتے یا خرفہ کے پتے یا لونیا یا سوے کا ساگ وغیرہ
وکہ سرد تر ہین دیوین اور اُسکو کبھی پیاسا نچوڑین اور دھوپ و گرمی وغیرہ سے بچاوین جب
ہ بچہ دے اُسکے چالیس روز بعد اُسکا دودھ لیا جاوے اور تانبے کی قلعی دار دیگچی مین اُس دودھ کو
کے تیز آنچ پر رکھین اور ایک انجیر کی دو پھانکی لکڑی سے اس دودھ کو چلاتے اور ہلاتے رہین جب
جاوین اُسوقت مایہ شراعرابی یا پنیر مایہ یا سکنجبین کا چھینٹا دین اور بدستور انجیر کی لکڑی سے
جب وہ پھٹ جاوے یعنے ایسا ہو جاوے کہ کھوے علیحدہ ہو جاوے اور پانی چھوٹا ہوا
ہو تو دیگچی اوتار لین اور تین گھنٹہ ٹھہر کے اور سرد کر کے کسی گف صافی مین تین بار اُس

پانی کو مقطر کرلین اور کھوجڑ کو بھینکدین طریقہ اُسکے استعمال کا یہ ہے کہ ہمراہ ادویہ مناسبہ منضجہ یا
منضجہ کے پانچ تولہ سے شروع کراوین اور ایک تولہ بعد تین روز کے اضافہ کرین پھر بعد دو روز
ایک تولہ اور بڑہاوین پھر ایک روز بعد ایک تولہ اور بڑہاوین پھر روز ایک تولہ زیادہ کرتے جاوے
حتیٰ کہ دوا تمام اُسی مارالجبن ہی مین بھگو ئی جاے اور ایام درمیان مین موافق راے طبیب کے تقیہ
مسہل بھی ہوجاے اور تنقیہ بھی موافق راے طبیب کے اُسی مارالجبن ہی مین ترکیب جاے اور مارالجبن
کا بڑہانا وگھٹانا موافق راے طبیب کے ہونا چاہیے جیسا وہ تشخیص کرے اور مارالجبن کے استعمال کی
حالت مین ادویہ شدید الحرارت سے اور غذاہاے کثیف ومرغن وگرم سے اور ہم وغم سے اور مواکہ کثیف
بقولات حارہ کثیفہ سے اور گھی وترشی وشیرینی وغیرہ سے نہایت پرہیز رکھے ورنہ سخت مضرت کا خوف
فائدہ یہ جو ترتیب اضافہ کرنے اور بڑہانے کی مذکور ہوئی بہت عمدہ معمول اطباء عاقبین کا ہے اسکی
طبیب کو اختیار ہے جیسی مصلحت وضرورت وقت دیکھے ویسا کرے۔

## خاتمۃ الطبع

بعد حمد حکیم مطلق ونعت نبی برحق کے حکماے حذاقت پیشہ واطباے فراست اندیشہ کو خوشخبری
دیجاتی ہے کہ یہ کتاب جسے اپنے فن مین لاجواب اور مفید ہر شیخ وشاب سے بڑی مشقت اور سخت
ساتھ بکمال اہتمام منشی مرزا لہ بار بیگ صاحب مطبع اردو پرنٹنگ لکھنؤ مین طبع ہوئی
طالبون کو صورت مراد کی دکھائی مصنف علام نے اجمالی فوائد متعلقہ ادویہ مفردہ کو باوجود تفصیل
کس قدر مختصر کردیا کہ گویا دریا کوزے مین بھر دیا ایسی کتاب قلیل الحجم وکثیر المنفعت حرز بازو
ارباب حذاقت کس نے دیکھی اور کہان چھپی مگر جب اسمین برسون کی مشقت پڑی اور صرف
زر کثیر مین ہر طرح کی وسعت رہی اور تنگی مصارف کو راہ نہ دی تو اب یہ شاہد یوسف جمال
بازار طالبان کمال مین جلوہ گر ہوا اور نور افزاے دیدۂ اہل جوہر ہوا۔ کوئی صاحب اسے
مفت کی دولت اور مال بے مشقت سمجھ کر بدون اجازت راقم کے نہ چھاپین کیونکہ یہ کتاب
بموجب قانون ایکٹ ۲۵ سنہ ۱۸۶۷ء داخل رجسٹر گورنمنٹ ہوگئی ہے۔

راقم

حافظ عبد الستار خان تاجر کتب۔ لکھنؤ چوک